BROWN BOOK

BROWN BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222641
UNIVERSAL
LIBRARY

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

منتخب دیوان حسرت

و

مثنوی طلسم حیرت

در مطبع نظامی واقع کانپور مطبوع گردید ۱۲۸۰

CHECKED 1959 ۱۰ ۶۲۷
۲
CHECKED 1951
Checked 1969

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نالہ موزون سے مصرع آہ کا چسپان ہوا
زور یہ پردرد اپنا مطلع دیوان ہوا

جسنے دیکھا آکے یہ آئینہ خانہ دہر کا
فی الحقیقت بس وہ اپنا آپ ہی حیران ہوا

سب پہ ظاہر ہو گئی بیتابی دل شکل برق
وہ بھبوکا اپنی نظرونسے جو ٹک پنہان ہوا

اوسکے جانے سے دلمین آہ ہی رہ رہ کے ہاے
سب جہان بستا ہی ایک اپنا ہی گھر ویران ہوا

کاش لیسے چشم تک آنے نہ پاتا طفل اشک
رفتہ رفتہ اتبو یہ لڑکا کوئی طوفان ہوا

گر ہوئے وا اوسکے لب تو دیکھیے کیا گل کھلے
ہو خفا چپ بطرح وہ رونق بستان ہوا

آئے جو مرقد پہ میری سو مکدر ہو گئے
خاک ہو کر بھی غبار خاطر یاران ہوا

روز و شب بننے لگا اس گھر مین یکاو صنم
کعبۂ دل صاف اپنا اتبو کفرستان ہوا

جوش وحشت دیکھ کوئی کہ ہر اک خار کے
دھجیان ہو کر گلے کا ہار یہ دامان ہوا

اشک رنگین سے جو اپنے کر دیا فرش گل
رشک صد گلشن ہمین یہ گوشہ زندان ہوا

بندھ گیا تیرا تصور جبکہ آنکھوں کے حضور
اوسکو بس عالم وصال و ہجر کا یکسان ہوا

یک بیک تو نے یہ کیسا رنگ بدلا اے فلک
تیری گردش سے کہین کیا سخت جی ہلکان ہوا

کل تلک جو گھر اپنا تھا سو اوسکے مدعی آج
نیلا پیلا دیکھ کر کیا کیا ہمین قربان ہوا

گرچہ ہر قالب مین جرأت صورتین ڈھلتی رہین
پر بنا جو درد کا پتلا وہی انسان ہوا

محمد ہی نبی ممدوح ذات کبریائی کا — کہے بندہ گر اوسکی مدح توہوے ہی خدائی کا
سپہر معرفت حقا ہی وہ مہر الوہیت — کہ جسکا دین روشن آئینہ ہی حق نمائی کا
بلند اوسکا وہ ایوان رتبہ ہی کہ وان کب ہی — خیال ساکنان عرش کو بار رسائی کا
منور کیون نہ اوسکے نور سے ہو خانۂ عزت — کہ روشن کرنیوالا ہی وہ شمع پارسائی کا
گروہ انبیا مین وہ ہی حق کا برگزیدہ ہی — سوا اوسکے لقب کسکو ملا ہی مصطفائی کا
رکھے ہی منزلت یہ آستان سرور عالم — کہ فخر سلطنت ہی مرتبہ وانکی گدائی کا
اوسکے عشق مین پابند الفت ہو والہی ہردم — کہ ہووے گا یہی روز جزا موجب رہائی کا
سراپا نور حق نام خدا کہیے نکیون اوسکو — کہ جسکا نقش پا ہو جبہہ سا سار خدائی کا

دلیل اوسکے ہی یکتائی کی یہ لاریب اے جرأت
کہ تھا سایہ نہ اوس محبوب ذات کبریائی کا

غم رو رو کے کہتا ہون کچھ اوس سے اگر اپنا — تو ہنس کے وہ بولے ہی میاں فکر اپنا
رونے سے ترے کیا کہین ای دیدۂ خونبار — یہ خاک مین ملتا ہی دل اپنا جگر اپنا
گر بیٹھتے ہین محفل خوبان مین ہم اوس بن — سر زانو سے اوٹھتا نہین دو دو پہر اپنا
لانا ہی تو ہمدم اوسے لا جلد کہ ہمکو — احوال نظر آئے ہی نوع دگر اپنا
باتون سے کٹے کسکے بھلا راہ ہماری — غربت کے سوا کوئی نہین ہمسفر اپنا
عالم مین ہی گھر گھر خوشی و عیش اوس بن — ماتمکدہ ہمکو نظر آتا ہی گھر اپنا
یا آنکھونسے یک لحظہ نہوتا تھا وہ اوجھل — یا جلوہ دکھاتا نہین اب آکے نظر اپنا
ہر بات کا بہتر ہی چھپانا ہی کہ یہ بھی — ہی عیب کرے کوئی جو ظاہر ہنر اپنا
ق
گر روبرو اوسکے کسی غمخوار کو چپکے — یہ کچھ حال سناتا ہون مین با چشم تر اپنا

تو کیا کہون کہتا ہی عجب شکل سے مجکو — کچھ ہونٹھون ہی ہونٹھون مین وہ منہ پھیر کر اپنا

کیا کیا اوسے دیکھ آئے ہی جرات ہمین حسرت
مایوس جو پھر آتا ہی پیغام بر اپنا

پوچھتے کیا ہو وہ محبوب ہی دلبر اپنا — سینکے دل ہمکو بتاتا ہی نہین گھر اپنا
حال تجھ بن ہی یہ ای شوخ ستمگر اپنا — کہ جو دم لیتے ہین تو ہاتھ ہی دلپر اپنا
ناتوانی سے گرے ایسے کہ پھر اوٹھ نسکے — ہوگیا جزو بدن ضعف سے بستر اپنا
آینہ سے بھی وہ ہوتا نہین محبوب دوچار — پھر یہ حیرت ہی کہ دل کیون ہی مکدر اپنا
سنکے بدحال مجھے در سے وہ یہ سوچہ ہی — باہر اب گھر سے نکلنا نہین بہتر اپنا
خون فرہاد ہی پر کچھ نہین موقوف یہ بات — عشق ہر رنگ مین دکھلاے ہی منظر اپنا
کل سے مایوس تھے ہم زیست سے پر ای ید — آج کل سے بھی کچھ احوال ہی بدتر اپنا
گل نہ لے ہاتھ مین تو رشک سے ورنہ جون گل — ابھی ہوجایگا ٹکڑے دل مضطر اپنا
اوسکی تعریف جو کہتا ہون تو وہ کہتا ہی — چپکے بس رہیے کہ مت کیجے نہ مجھیرا اپنا

جرات اب دیکھ تو کس شخص کا گھر ہمسے چھٹا
پھر بھلا کیونکہ نہ مذکور رہے گھر گھر اپنا

گنبد اس حجرۂ گردون سے ہو کیونکر اپنا — قید خانہ ہی عجب گنبد بے در اپنا
شکل رہنے کی یہ بستی مین ہی اوس بن اپنی — جیسے جنگل مین بناتا ہی کوئی گھر اپنا
شب کی بیتابیان کیا کہیے کہ دیکھا جو سحر — ٹکڑے ٹکڑے نظر آیا ہمین بستر اپنا
ہمنشین اوسکو بلاتا ہی تو لا جلد کہ ہم — تھامے بیٹھے رہین کب تک دل مضطر اپنا
وہ گئے دن کہ سدا میکدۂ ہستی مین — بادۂ عیش سے لبریز تھا ساغر اپنا
تاب نظارہ تری لائے نہ خورشید ذرا — ہاتھ جب تک کہ نہ رکھ لے وہ جبین پر اپنا
دینگے سر عشق کے سودے مین اگرچہ ہمکو — اس مین نقصان نظر آتا ہی سراسر اپنا

ہی زمین خوب غزل ور غزل اسکو کہیے
بسکہ معمول ہی جرات یہی اکثر اپنا

اب گذارا نہین اوس شوخ کے در پر اپنا
جسکے گھر کو یہ سمجھتے تھے کہ ہی گھر اپنا

کوچۂ دہر مین غافل نہو پابند نشست
رہگذر مین کوئی کرتا نہین بستر اپنا

غمزدے اوٹھ گئے دنیا سے ہم آخر ایواے
زانوئے غم سے ولیکن نہ اوٹھا سر اپنا

دیکھین کیا لجۂ ہستی کو کہ جون آب رواں
یہان ٹھہرنا نظر آتا نہین دم بھر اپنا

وا ے قسمت کہ سنے لوگ ہی اوس پیش وہ
ذکر لاتے تھے کسی ڈھب سے جو اکثر اپنا

گر ملو نہین کف افسوس تو ہنستا ہی وہ شوخ
ہاتھ مین ہاتھ کسی شخص کے دیکر اپنا

ذبح کرنا تھا تو پھر کیون نہ مری گردن پر
زور سے پھیر دیا آپ نے خنجر اپنا

نیم بسمل ہی چلے چھوڑ کے تم کیون پیارے
زور تمنے یہ دکھایا ہمین جوہر اپنا

کیا کرین دل جو کہے مین ہو تو ہم ای جرات
نہ کہین جائین کہ ہی سب سے بھلا گھر اپنا

درد فرقت کا الم ہر دم ہمین گھیرے رہا
تم گھرے وہان عیش مین یان غم ہمین گھیرے رہا

کچھ عجب عالم سے نکلے تھے ہم اوسکے گھر سے آئے
کل سر بازار اک عالم ہمین گھیرے رہا

لے اوڑیگی عاقبت جون بوے گل یانکی ہوا
غنچہ سان گو کوئی اک دو دم ہمین گھیرے رہا

گر یہی وحشت ہی تو کل کو نکل جاوینگے ہم
کیا ہوا جو آج تو ہمدم ہمین گھیرے رہا

تھا تصور رات کسکے کانکے بالے کا آہ
صبح تک اک حلقۂ ماتم ہمین گھیرے رہا

غم سے ہوتی مخلصی کیونکر تمہارے ہجر مین
لشکر رنج و الم ہر دم ہمین گھیرے رہا

غیر گھیرے نت بیٹھے ہونگے جرات اپنے یار کو
گنج تنہائی مین بھی ہی غم ہمین گھیرے رہا

کھد جاے دل پہ نقش اگر اوس نگار کا
تعویذ کر رکھون اوسے اپنے مزار کا

دیکھا کسی نے ہووےگا سیماب آگ پر
احوال کیا کہون مین دل بیقرار کا

آوارہ یون ہوا کہ صبا اور نسیم نے
پایا کہین نہ کھوج ہمارے غبار کا

لگتی نہین پلک سے پلک وصل مین بھی آہ
آنکھون کو پڑ گیا ہی مزا انتظار کا

آتا ہی کیون عجب تجھے لالہ کے داغ پر
ہی یہ تو اک نمونہ دل داغدار کا

تا آپنے وہ قرار پہ آئے کہ ہو گیا
یان کام ہی تمام دل بیقرار کا

ای نالہ کچھ خبر تو بتا ملک دل کی آہ
اک تو ہی رہ گیا ہی اوس اوجڑے دیار کا

ق
اوس گلعذار بن تو عزیزو چمن سکے بیچ
کچھ لطف سیر ہمکو نہین ہی بہار کا

رہتے ہی اور تڑپتے ہی گذرے ہی روز و شب
بچنا محال ہی دل زار و نزار کا

تسپر بھی یان تلک نہین آتا ہی ہاے وہ
یارو سلوک کیا مین کہون اپنے یار کا

جرأت اب اوسکے آنے سے بالکل ہوئی جو یاس
احوال کیا کہون دل امیدوار کا

جو اوس گلی مین کسی آشنا کا گھر ہوتا
اسی بہانے سے اپنا وہان گذر ہوتا

جہان سکے باغ مین ہم بھی بہار دکھلاتے
برنگ غنچہ جو اپنی گرہ مین زر ہوتا

بھلا ہوا نہوئے گل چمن سکے ہم ورنہ
ہزار رنگ سے باد خزان کا ڈر ہوتا

کوئی جہان مین تجھکو بھی منہ لگاتا آہ
برنگ نی مرے نالون مین گر اثر ہوتا

کوئی جو اوس سے مفصل مری خبر کہتا
تو یون وہ حال سے میرے نہ بیخبر ہوتا

نپوچھ شیخ کہون کیونکہ سے لیا اوسنے
بتاتے تجکو جو اس دم وہ عشوہ گر ہوتا

یہ جیمین گڑتے ہی دیکھے سے اوسکے کان کا در
کہ کاش دل بھی مرا صورت گہر ہوتا

کسی طرح سے تو قدمون سے اوسکے جا لگتے
اگر برنگ حنا ہم مین کچھ ہنر ہوتا

جنہون کا نامہ پہونچتا ہی اوس ستمگر تک
اونہین کا کاش کہ جرأت مین نامہ بر ہوتا

کیسا پیام لے گئی یہ تو نے صبا دیا
مثل چراغ صبح جو دل کو بجھا دیا

آتے ہی یار کے جو مین سوتے سے چونک اٹھا
فرقت نے اوسکے اور تماشا دکھا دیا

پھر آج پچھلا ہی پہر آنے لگی لگی
تو نے تو مجکو خاک مین اے دل ملا دیا

آنکھ اب نہین ملاتا ہی وہ حیرت پری
الفت نے جسکی مجکو دیوانہ بنا دیا

وعدہ بھی کرتے کے بوسہ کا دیتے نہین ہو تم
لازم ہی آدمی کو جو منہ سے کہا دیا

کیا دشمنی تھی تجکو صبا اوس گلی سے جو
اکثر مرا غبار بھی تو نے اوڑا دیا

نقشہ ہی دل کا وہ نہ کسکو کھینچے ل
غم نے تو اسکا نام و نشان ہی مٹا دیا

کیا اپنے دلکو رو مین جرأت کہ عشق نے
مانند شمع آہ مجھے کیا جلا دیا

رخ جو پردے سے مہر رشک قمر کا نکلا
نہین معلوم کہ یہ چاند کدھر کا نکلا

اوٹھ گیا بزم سے دامن کو وہین جھاڑ کے وہ
ذکر باتون مین جو مجھ خاک بسر کا نکلا

صحبت یار بھی اور عیش کا تھا دل مین مقام
ہوش بس اوڑ گئے چرچا جو سحر کا نکلا

روتے ہی روتے کٹی عمر مری مثل سحاب
چشم سے پر کوئی قطرہ نہ اثر کا نکلا

زلف و رخ کی جو گیا یاد مین دل کیون جرأت
شام تک بھی نہ پھرا آہ سحر کا نکلا

ہر آہ سے جو شعلہ نمایان ہی آگ کا
تپلا نعل مین کیا دل سوزان ہی آگ کا

جون شمع اپنے دل پہ یہ طغیان ہی آگ کا
نوک زبان سے دود نمایان ہی آگ کا

ہم عاصیون کو لہر جو رونیکی آگئی
دوزخ کی پھر خدا ہی نگہبان ہی آگ کا

روز فراق ہی دل صد چاک مین کہ آہ
قندیل مین یہ شعلہ سوزان ہی آگ کا

کھینچ آہ سرد تا طپش دل کی قدر ہو
خواہان ہر اک بہ فصل زمستان ہی آگ کا

طاقت گئی مجھ سے لے نہ گئی عشق کی طپش
گویا کہ شعلہ سان تن لرزان ہی آگ کا

ہر آہ شعلہ بار ہی جون آتشین انار
یارب یہ دل مرا ہی کہ بستان ہی آگ کا

چنگاریون نکلے اوڑنیکو سمجھو نہی سبب
سوزش سے میری حال پریشان ہی آگ کا

لایا جو نذر مین دلِ سوزان کو تو وہ شوخ
بولا کہ یان کوئی نہین خواہان ہی آگ کا

سرسبز کشتِ دل ہو مرا خاک ہمدمون
یان جوشِ اشکِ گرم سے باران ہی آگ کا

جرات غزل وہ گرم سی کہہ تو کہ سب کہین
ہر حرف اسکا اخگرِ سوزان ہی آگ کا

وحشت مین سوزِ دل سے جو طغیان ہی آگ کا
جو شعلہ دیکھو چاکِ گریبان ہی آگ کا

گویا تنورِ دیدۂ گریان ہی آگ کا
ٹپکے ہی جو سرشک سو طوفان ہی آگ کا

سوزش سے ٹہی دیکھے سے بن دیکھے ہو طپش
گویا طلسم اک رخِ جانان ہی آگ کا

طاؤس آتشین کی طرح تجھ پہ شعلہ خو
شعلہ ہزار رنگ سے قربان ہی آگ کا

جاری ہی سیلِ اشک تو افزون ہی سوزِ دل
یہ طرفہ ہی کہ آب نگہبان ہی آگ کا

آگر نسیمِ صبح بھی ہو جاسے یان سموم
صحراے دل مرا وہ بیابان ہی آگ کا

دل پھک رہا ہی تن پہ مرے مو نسمجھیو
سارے بدن سے دود نمایان ہی آگ کا

کیا جانے ہی یہ کسکے رخِ آتشین کا خوف
شعلہ جو اسطرح سے گریزان ہی آگ کا

وہ نخل ہو نہین باغِ جہان مین کہ جسکا آہ
ہر برگ و بارِ سر و چراغان ہی آگ کا

جرات بن اوسکے ایسی جلاتی ہی چاندنی
گویا کہ چرخ پر مہِ تابان ہی آگ کا

کب کوئی تجھسا آئنہ رو یان ہی دوسرا
ہی تو ترا ہی عکس نمایان ہی دوسرا

پوچھا اوسکی مستِ خبر جسے ناصح نے تھا تو
وہ دھجیان اڑا یہ گریبان ہی دوسرا

شکل اپنی یہ ہی جو کہ ہین محوِ جمالِ یار
ششدر کھڑا ہی ایک تو حیران ہی دوسرا

رخ اوسکا دیکھیو شبِ مہتاب مین کوئی
گویا زمین پہ یہ مہِ تابان ہی دوسرا

کیا دل جگر کی کیسے تمنا نے وصل مین
حسرت بھرا ہی ایک پر ارمان ہی دوسرا

وادیِ عشق مین ہمین برسون یونہین کٹے
اک دشت طی کیا یہ بیابان ہی دوسرا

تیری خرام ناز کے صدقے کہ کب کوئی
ایسا چمن مین سرو خرامان ہی دوسرا

غمخوار دم وپس اب ترے بیمار کے ہین یون
تسکین ایک دے تو ہراسان ہی دوسرا

جرأت غزل پڑھ اور اک ایسی کہ سب کہین
کب اس طرح کا کوئی غزلخوان ہی دوسرا

یان اوس گلی سا کب کوئی بستان ہی دوسرا
ہان کچھ جو ہی تو روضۂ رضوان ہی دوسرا

ہر دم یہ دو صدو ہین سپر جانِ ناتوان
اک دردِ عشق ہی غمِ پنہان ہی دوسرا

ہی طرفہ جان و دل کا دم اضطراب حال
روکین جو ایک کو تو گریزان ہی دوسرا

آئینہ جب وہ دیکھے تو کہتی ہین جیو نین
سچ ہی کہ ہمسا کب کوئی انسان ہی دوسرا

وہ رو سکے اوٹھ چلا تو اوسے کیونکر دیکھیے
اک دست ہی بدل جگر بریان ہی دوسرا

اوس گھر کے در پہ جب ہوئے ہم خاک تب کھلا
دروازہ آنے جانے کو اور یان ہی دوسرا

کیا دل جگر کی اوسکی گلی مین کہین خبر
اک مر گیا اک آن کا مہمان ہی دوسرا

ٹک سنیو زمزمے مرے لگے کہ باغ مین
کب اس طرح کا مرغ خوش الحان ہی دوسرا

ق

ہی طرفہ قسمت اپنی کہ جس جا ہوا ایک دوست
وان دیکھیے تو جان کا خواہان ہی دوسرا

یعنی نشست ٹھہری کل اوس پہ تھی سوا ہے
دیکھا جو آج جا کے تو دربان ہی دوسرا

نہ ہیں ہمارے لئے یہ لائق تمہارے کب
ایسا مکان یکشور دوران ہی دوسرا

یکتا ہی دو جہان مین جرأت علی کا نام
ایسا نہ کوئی یان نہ کوئی وان ہی دوسرا

پیام جلد صبا وصل یار کا پہنچا
کہ دم نہ تھون لب اس بیقرار کا پہنچا

تری ہی نرم کلائی ہی کسکی ای مہرو
مین گلرخون مین نہ دیکھا ہزار کا پہنچا

تب آیا گھر سے تو اے یار تا بہ گشتہ یاس
کہ وقت جب ترے امیدوار کا پہونچا

شب جو ہمیں غفلت کی مے سے مست سوتے تھے
تو صبح پیری میں صندل سنگار کا پہونچا

جہان ہے یارہ خبر کس سے پوچھیے اے وائے
نہ قافلہ کوئی یان اوس دیار کا پہونچا

بہ لطف نزع سے کیا مخلصی ہے مجکو
سخن جو کان تلک اوسکے پیار کا پہونچا

رکھا جو تونے قدم تیرے یار از رہ لطف
دماغ عرش پہ اس خاکسار کا پہونچا

سے تہے قفس ہی میں ہم اور چمن میں پھر بھی
ہزار مرتبہ موسم بہار کا پہونچا

۷ ہزار حیف کہ جرأت کو مرتے مر بھی
پیام وصل نہ اوس گلعذار کا پہونچا

حیران نہو کیوں دیکھ اوسے چاہنے والا
تصویر ہی وہ سلمہ اللہ تعالے

ہو غرق بزیور سے ہو دیکھو آئینہ کیوں چپ
کچھ کہنے لگا کان میں کیا کان کا بالا

عیاری تو دیکھو کہ مجھے روتے جو دیکھا
اک قصہ پر درد وہیں اوسنے نکالا

کافر وہ بلا زلف سیہ ہے تری کافر
جا زیر زمین جسکے چھپا خوف سے کالا

آوارہ بالعت ہوے یون صبر و دل و دین
جون فوج شکستہ کا پریشان ہو رسالا

رومال جو شالی ہے بگرد رخ جانان
تو قدر نہ کچھ ہالہ و مہ کی رہی حالا

اوس بت سے یہ پوچھونگا دکھا سینہ پہ داغ
لالہ کی بہار ایسی کہیں دیکھی ہے لالا

گودی میں اوٹھا لگون تو یہ کہے کیا خوب
ثابت تو مری نقش قدم کو تو اوٹھا لا

میرا دل محزون ہے بنا درد کا تیلا
کس قالب اندوہ میں یارب اسے ڈھالا

ق
صورتکو تری دیکھکے ہوش شدہ حیران
نقشہ ہے کچھ اب اور مصور نے نکالا

تصویر تو کچھ سکتی نہیں اوس سے مگر آہ
کھینچے ہے فغان پردہ فغان نالہ پہ نالا

اور ایسی غزل کہہ کہ سخندان کہیں جرأت
ہر بیت میں مضمون یہ نیا تو نے نکالا

دے جام کہ ساقی کرین سیر گل و لالا
آخر کو تو ہوتا ہی ہے ہم آزادون کا پیالا

اک دم مین کرین کیون نہ وہ عالم تہ و بالا
مکھڑے کی یہ گرمی یہ قیامت قد و بالا

بیدردی قاتل کہون کیا جون گل بازی
کیا کیا دل صد چاک کو ہاتھون پہ اوچھالا

چھیڑا اسپنے نہ خاموش کو تو صورت طنبور
رگ رگ سے نکلنے ابھی لگ جاے گا نالا

اس آئینہ رخ پہ جو بالے کا پڑا عکس
بالے کا بھی عالم ہوا اب عالم سے دو بالا

کافر وہ جڑاو ترے ستے ہین وہ کافر
ہی جنکی ہمین کانین بالے سے بھی بالا

جلدی طلب بوسہ پہ ست کیجیے تو کہے وہ
ایسا اسے کیا سمجھے ہو تم منہ کا نوالا

سودا سر مجنون سے کسی جا نہ گیا آہ
تھا سر پہ فلک خیمہ لیلی ہی سا کالا

جز نشتر خار اپنا علاج اور نہین کچھ
پڑ پڑ کے مرے پانون کے ہی چھالا

نالان صف عشاقین کل دیکھنے مجھے وہ
کس تیکھی نگاہون سے ہلا یا کے بھالا

آغاز محبت مین نہ دے پند کہ ناصح
ٹھیس اوسکو لگتے نہین جو زخم ہوا آلا

ق

اللہ رے تری تفتہ جگر کی طپش دل
سینہ سے نکل کر جو گیا عرش کو نالا

یہ آگ لگا دے کہ نہین انجم افلاک
یہ داغ پہ ہی داغ یہ چھپا لے پہ ہی چھالا

جرات سے بھی عاشق نہین ہوتے کہ شب و روز
ہی محو بتان سلمہ اللہ تعالے

اپنے پہلو سے وہ جانی جو گیا پھر نہ پھرا
داغ دل دیکے نشانی جو گیا پھر نہ پھرا

فصل گل آئی گئی صحن چمن مین ہر سال
موسم باغ جوانی جو گیا پھر نہ پھرا

کس سے اب پوچھون خبر اپنے مین مکین دل کی
شکل دکھلا کے نہانی جو گیا پھر نہ پھرا

جا سے گریہ ہی مرا قصۂ فرقت کہ وہ شوخ
سن کے میرے دکھ کی کہانی جو گیا پھر نہ پھرا

پھنس گیا اب وہ کہین اور یہی ظاہر ہے کہ آہ
مجکو دے درد نہانی جو گیا پھر نہ پھرا

اور آنکھونکو نہ رو بیٹھے کیون جون یعقوب
ہاے وہ یوسف ثانی جو گیا پھر نہ پھرا

سچ سو بات سے گزرے ہیں کہ پیغام آہ — سے لیکے پیغام زبانی جو گیا پھر نہ پھرا
روتے روتے بس ہی عیاں نہیں مریگا آہ — وہ دمِ اشک فشانی جو گیا پھر نہ پھرا
واسطے دل کے دھڑکتا ہی کلیجہ ای وائے — کہ وہ بیرِ اخفقانی جو گیا پھر نہ پھرا
خاک جینا ہی اب اس جینے سے مرنا بہتر — جی کو اولجھا کے وہ جانی جو گیا پھر نہ پھرا
زہرِ غم کھیت سے کیوں نہ ہمیں ای ظالم — سچ کے پوشاک وہ دھانی جو گیا پھر نہ پھرا

سن غزل اوسکی یہ جرات نے کہا کھینچ فغان
ہائے دنیا سے فغانی جو گیا پھر نہ پھرا

مین جو دل کھو سکے گریبان نہوا تھا سو ہوا — سب یہ ظاہر غمِ پنہان نہوا تھا سو ہوا
اب وہ تصویر سی صورت نظر آتی ہی نہین — شکلِ آئینہ مین حیران نہوا تھا سو ہوا
دیکھکر اوس بتِ غارتگرِ دین کا جلوہ — گبر ہر ایک مسلمان نہوا تھا سو ہوا
ہر بنِ مو سے نکلنے لگے اب شعلۂ آہ — تن سراسرِ چراغان نہوا تھا سو ہوا
شکل وہ آئینہ ماہ مین دیکھی ہی جو آج — حسنِ مہتاب درخشندان نہوا تھا سو ہوا
رنگِ وحشت جو ہوا سیرِ چمن سے افزون — شکلِ گل چاک گریبان نہوا تھا سو ہوا
[illegible] نہیں اب درِ جانان پہ نشست — مین جو بستِ کشِ دربان نہوا تھا سو ہوا
یار اغیار ہوئے ہو گئے دشمن سب دوست — اب کہا الفت مین ہراسان نہوا تھا سو ہوا
گئے گلگشتِ چمن کو جو ترے دیوانے — اور کچھ رنگِ گلستان نہوا تھا سو ہوا
ق
بن بلائے گئے گھر غیر کے تم مین جو کہا — جو چلن آپ کا جانان نہوا تھا سو ہوا
تو ڈھٹائی سے وہ کیا آنکھ ملا کہنے لگے — کیا اجارہ ہی ترا ہان نہوا تھا سو ہوا

سنکے جرات کی غزل سب نے یہ منصف ہو کہا
آج کیا ایسا سخندان نہوا تھا سو ہوا

درد و آتش کی طرح ہائے نہ ٹل جاونگا — شمع سان محفلِ جانان ہی مین جل جاونگا

دو سے بھی وے دیکھو تو وہ چتونوں میں کہے — آنکھیں تلوون تلے گر ابھی مل جاؤن گا

دل مضطر یہ سکے ہے وہین لیچل ورنہ — توڑ چھاتی سکے کواڑ ونکو نکل جاؤن گا

واسطے اوٹھتا ہون تو کہتا ہے یہ پائے رفتار — جب زمین پر تو رکھیگا مین پھسل جاؤن گا

مین ہون خورشید سر کوہ یقین ہے کہ وہ ماہ — آئیگا بام تلک جبکہ مین ڈھل جاؤن گا

آج بھی کوئی نہ لیجائیگا وان مجھکو تو بس — کل نہین ہے سنے مجھے مین جی ہی کل جاؤنگا

بسکہ احسن بتان کا ہی سبب ہے کلام — وہ چھلاوا ہون کہ تم سبکو مین چھل جاؤن گا

آگے بر سو تمین وہ مجھ پاس یہ شب کہنے لگا — یہان ٹھہرنے مین سبب ہے مین خلل جاؤنگا

تیغ قاتل کا سکے ہے کہ دوائی نبد و — موم کی طرح سے تم سنگ مین جل جاؤنگا

ق

گو مزاج اوسکا یہ بدلا کہ کہے ہے مجھے یون — دیکھو تم سے آئے تو مین گھر سے نکل جاؤنگا

پہ رہا جائیگا کب ہے مری حالت تغییر — یون نہ جاؤن گا تو مین بھیس بدل جاؤنگا

جرأت اشعار جنون خیز کہا اب اور کہ مین
لیکے یہ تربت سودا پہ غزل جاؤنگا

گو ہون وحشی پہ ترے سے در نہ ٹل جاؤنگا — ہان مگر دشت عدم ہی کو نکل جاؤنگا

طائر نامہ بر اپنا ہی کہتا ہے کہ آہ — رقم شوق کی گرمی سے مین جل جاؤنگا

جلد ای کاش کہے اوس سے یہ جوبن اوسکا — پھر ہو کس کام کے تم جبکہ مین ڈھل جاؤنگا

جی کہین تو نہ پھنسا ورنہ ترے دام سے مین — آب غربال کے مانند نکل جاؤنگا

آج گو اوسنے بر رسوائی نکالا مجھکو — گریہی دل ہے تو پھر آپ سے کل جاؤنگا

مشورہ کر کے یہ دل کوچہ جانان کو چلا — عزم تو آئیگا کچھ مین مچل جاؤن گا

تو گرفتار محبت ہون مری ضعف سے تم — اتنا گھبراؤ نہ پیارے مین سنبھل جاؤن گا

وصل قسمت مین نہین جب صبر سا موش یہ بات — تجھپہ دیکھون کا برا وقت تو ٹل جاؤن گا

جلد خواہی بدل ورنہ کوئی کر کے طلسم — آکے دل اپنا ترے دل سے بدل جاؤنگا

جاتے جاتے کف افسوس ملا ہی حسرت مین ۔ اشک بھر لا کے دم نزع بھی مل جاؤنگا

جنکے نزدیک ہی انداز غزل میر پہ ختم
اونکو جرات مین سنانے یہ غزل جاؤنگا

شب وصل دیکھی جو خواب مین تو سحر کو سینہ فگار تھا ۔ یہی بس خیال تھا دمبدم کہ ابھی تو پاس وہ یار تھا
جو تھا و غیرت گلستان تو کرون اب سکا مین کیا بیان ۔ کہ الم جدائی کا ہزربان مگر ایک دل پہ ہزار تھا
شب ہجر کیسے کہون کیا الم نظر آئے صبح کو سبتے ہم ۔ کہ بجوش بارش ابر غم یہ بندھا سرشک کا تار تھا
تب غم سے تھا جو جلا ہوا مرے سینہ مین دل مبتلا ۔ سو ہوا وہ یون ہو ہوا کہ نہ شعلہ تھا نہ شرار تھا
گئے دست لطف سے تھے بہم گئے رنجکے سہتے ہوئے ہم ۔ شب وصل تھی وہ رو غم کبھی یون بھی لیل و نہار تھا
نہ جسے یاد اپنی لگا گئے اوسے صاف دل سے بھلا گئے ۔ تنک ادھر تو انکھ ملائیے یہی ہم سے قول و قرار تھا
شب ہجر اب سنائے ہی کہ خزان کی رنگ دکھائے ہی ۔ وہ عروج اب نظر کہان آئے ہی کہ جو رشک صبح بہار تھا
مجھے جوش نشہ غم نے چڑھا تو رہا کیا مین کھڑا کھڑا ۔ رہا غش مین صبح کو جو پڑا بس کہ مے کا یہ خمار تھا
ہوئی حیرت اجب وہ جو نہ پایا کرون او رو عبث مین کیا بیان ۔ رخ یار صبح کو مہرسان مگر آئینے سے دو چار تھا
سنا مجھے ایک عاشق خستہ کی ہمین قبر کل جو نظر پڑی ۔ نہ کسی سے کوئی لگائے جی کہ لکھا یہ لوح مزار تھا
دم قتل کوئی یہ بولا دکھا تو خجل ہو کیا خفا ہوا ۔ اسے تم نے ذبح عبث کیا یہ تمہارا شکر گزار تھا
کوئی ناو بحر مین تھی سو وان کبھی بیٹھے اس مین تھے ہو نشان ۔ ق کبھی اوس گروہ کے درمیان وہ نہ زہے بھی سوار تھا
تو بموج بحر تو ماہ سا لگے کہون اضطراب مین دل لگا کیا ۔ کبھی پار تھا کبھی وار تھا کبھی وار تھا کبھی پار تھا

غزل اور قافیہ بدل مین سناؤن یارون کو بر محل
ہوا مختصر نہ یک غزل کہ شگاف نہ یاد تھا

بعد آمد سو جو وہ آیا تو یہ حجاب عشق سے اٹھا ۔ کہ نہ اوس مین تھا جس پر تھا اوٹھانا کچھ محال تھا
رہا شب جسے ہمیشہ کوئی تو کہے یہ واقعہ کیا کوئی ۔ شب ہجر تھی کہ بلا کوئی جسے دیکھتے ہی محال تھا

رخ یار تا نہ پڑا نظر جو ہے ہم الم سے یہ نوحہ گر
کہ ہمارے رنج و ملال پر تو ملال کو بھی ملال تھا

کرے کون اوس سے برابری مہ و زہرہ شکوہ تھے مشتری
دم صبح دیکھ ستمگری رخ مہر ذرہ مثال تھا

شب وصل دیکھ کے خواب میں پڑا تھا سخت غلط میں
تھے ہزار سوچ جو ہیں عجب یہ اوسکا مجھے سوال تھا

مرے جوش اشک سے بہہ رہے ہو گل جہاں کی بحر و بر
نہ رہتی اب جو یہ چشم تر تو خدا نخواستہ کال تھا

جو نمود کرتی ہیں اس لیے گلے بیٹھنے وہ شتاب سے
تو یہ پوچھے کوئی جناب سے کہ یہ بھولے اتنے یہ گال تھا

ہوا میں بھی اجل کشتگاں تو عبث تو ہوا ہی سرگراں
کہ مرے گلے کی طرف میاں ترے آب تیغ کا ڈھال تھا

دیا کھا کے تو نے پان جو دل مبتلا ہوا سرخرو
اوسے سمجھا بیٹھے کا بوجھ وہ جو تمہارے منہ کا اوگال تھا

جو مریض تھا ترا جان بلب خبر اوسکی کچھ نہیں اب
مگر اتنا کہتے ہیں لوگ سب کہ بڑا یہ نیک خصال تھا

جو چمن سے دور قفس میں تھا تو میں اور اسیر ہوس ہوا
یہ جو ظلم اوسکی برس ہوا ہی قہر گلے بھی وبال تھا

نہیں چاہتا ہے یہ آسمان کہ ہم اور وہ ہوں بیک مکان ق
کہیں آگیا جو وہ شکوہ یہاں کہ بلانا جسکا محال تھا

تو یہ رنگ چنبر چرخ کا نظر آئے تھا مجھے برملا
کبھی تھا سیہ کبھی سبز تھا کبھی زرد تھا کبھی لال تھا

نہ کسی نے قدر کی جرأت آہ کہے شعر گرچہ عجب عجب
جو نہ ہوں گے ہم تو کہیں گے سب کہ بڑا ہی اہل کمال تھا

جو دل وحشت زدہ پھرتا تھا آوارا پڑا
کہتے ہیں جرم محبت پہ وہ گل مارا پڑا

سو نہ سمجھو تن سے یہ میرے نکلتا ہے دھواں
دل نہیں پہلو میں اک دہکے ہے انگارا پڑا

کچھ بجز مرگ اب ترے بیمار کا چارہ نہیں
بستر ہجراں پہ ہے جو بیجاں وہ بیچارا پڑا

جوں ہوائی چرخ تک گر آہ سوزاں اپنی جائے
سب کہیں ٹوٹ آسماں سے دیکھو کیا تارا پڑا

صرف گریہ رات ہی کو دل جگر تو نے کیے
دن ابھی رونے کو ہے اے چشم تر سارا پڑا

دور میں کیا اپنے کوئی نوبت عشرت بجائے
جبکہ خود گردوں ہوا کی دم سا نقارا پڑا

کرتے ہیں ہم یوں قمار عشق میں کھو کر بسا ملا
ہاتھ ملتا ہے جواری جوں کوئی ہارا پڑا

تھا جو طفلِ دل قضا آگئی اوسکی قضا [?]
سانس کا خالی بس اب جھولے ہی گہوارا پڑا

یوں کہا جھنجھلا کے اوسنے دیکھ ہر جا مجھکو ساتھ
یہ تو عاشق کیا ہی گویا پیچھے ہرکارا پڑا

ایکدن اوس مہ وش کی دیکھی ہی چشمک نے فی [?]
آج تک گردون پہ کانپے ہی ہر اک تارا پڑا

نزع مین بھی سامنا اوسکا نہین مجھکو نومین [?]
باندھ کے ہون ٹکٹکی کیون محوِ نظارا پڑا

جان بلب وعدے پہ جسکے بسترِ غم پر ہین ہم
ہمرہِ اغیار خوش پھرتا ہی وہ پیارا پڑا

جنگِ حسن و عشق مین کیا کہیے جرات حیف ہی
تھا جو دل نام اک جوان سو مفت مین مارا پڑا

آئے گر اوس رشکِ گل بن صحنِ گلشن زیرِ پا
ہر روش سمجھین کہ ہی یہ خاکِ گلخن زیرِ پا

دشت پیمائے جنون ہی وہ برہنہ پا ترا
خار کیا کیا لگتے ہین نشتر سے بن بن زیرِ پا

چین پا بر وہ ہو کے دیکھا مڑ کے کس انداز سے
آگیا سہوا جو میرے اوسکا دامن زیرِ پا

ہم اسیرون پر بھی کاش اوسکا پڑے سایہ کبھی
ہی جنہون کے سایۂ دیوارِ گلشن زیرِ پا

ہو تو ہم بوسیکو پیدا دو ہین دستِ آرزو
آئے گر معشوق کے عاشق کا مدفن زیرِ پا

پست ہمت ہی وہی کھینچے ہی جو دو آپ کو
سایۂ طائر ہو جون وقتِ پریدن زیرِ پا

لطفِ گلگشتِ چمن دیکھا نہ کچھ سنے نو خطان
سبزۂ نورستہ تھا مانندِ سوزن زیرِ پا

گل بمیدان شہسواری اوسنے جب اپنی دکھائی
گہہ بزیرِ ران تھا اور گاہ توسن زیرِ پا

دخل اوس گھر مین جو ہم جانیکا پاوین خیال کیا
ہو نگاہِ وہم کے جسکا نہ روزن زیرِ پا

سیر تھی کل جو دسہرے کی تو پھر کس کس روش
روندتا سبزہ پھرے تھا وہ گلشن زیرِ پا

دیکھیو شوخی اشارے سے بلایا ہم نے تو
از خود اک کانٹا چبھا بیٹھا وہ پرفن زیرِ پا

اس زمین کو کھود کر نقدِ سخن اور اب نکال
ہی زرِ معنی کا جرات تیرے معدن زیرِ پا

اب نہ ٹھہرے گی زمین اشتیق مین پر فن زیرِ پا [?]
تو دلِ مضطر کو لیجا وقتِ رفتن زیرِ پا

پہنچے تک باغ مین اوس بن جو تلووں نسے لگے
ڈھیر لگا روں کے تھے پھولونکے خرمن زیر پا

گل دلِ ماتم زدہ کے گور پر ٹھہرے جو ہم
متصل تھی اک صدائے شور و شیون زیر پا

ہو خنا دعوائے ہمسری سے گلشن مین ملا
کیا گل نرگس کو اوس پانکے نے تن تن زیر پا

پیرہن کا تیرے وحشی کے عجب نقشہ ہی واہ
ہی گریبان جائے دامن اور دامن زیر پا

جی ہی ہوتا ہی ہوا اب کود جاؤن کیونکہ ہائے
دھر سکے جون وزنِ صبا اوس گھر کا وزن زیر پا

وا ہے حسرت روزنِ در سے لگی اپنی نہ آنکھ
اور کرین زاغ و زغن دیوارِ گلشن زیر پا

کیا عجب فتار اوسکی دیکھکر گر فرش راہ
دیدہ و دل کو کرین ہر مرد و ہر زن زیر پا

شمع روشن سا وہ تربت پر نظر آنے لگے
جسکے تیرے دل جلے کا آئے مدفن زیر پا

آتشِ الفت ہمین سر تا قدم دیگی جلا
کیا عجب سینکنے لگے گر اپنا مسکن زیر پا

مرگئے پر بھی نہ جائے بلکہ افزون ہو یہ سوز
شمع سان گھل گھل کے تا پونہچے گردن زیر پا

گفتگو آیا ہین کر جب وہ جرأت عشوہ ساز
سب زرا دوستی بوسلے کہ دشمن زیر پا

لا کبھی تو جا کی ظالم اوسکا مدفن زیر پا
جو رکھا چاہیے تھا چھاتی وقت مردن سو زیر پا

ہون ضعیف ایسا کہ سمجھون بار صد فیلِ گران
آئے مورِ ناتوان گر میرا تن زیر پا

لاغری یان تک ہوئی ہیر دوانیکو کہ آہ
آگیا ہو گر کشادہ طوق گردن زیر پا

گل دلِ پر خون کے لئے اوس سے جو پوچھی خبر
غنچۂ گل کو لگا ملنے وہ پر فن زیر پا

کس ادا سے اُف کیا رکھ پاؤن آنکھو پر مری
یعنی یہ چبھتی نوک مژگان سے ہی سوزن زیر پا

کیا عجب گر سمجھے سے حسن کے چھوٹے قدم
لاسے گر تصویر قالین کو وہ بن ٹھن زیر پا

پڑ گئے اوسکے رگِ پا مین نزاکت سے خطوط
ٹک جو برگِ گل رکھا اوسنے بگلشن زیر پا

ق

قتل گہ مین ملے پابندِ محبت کے وہ شوخ
یون دبا ہاتھو نکو اب کاٹے ہی گردن زیر پا

جسطرح صیادِ بیرحم و جفا پیشہ کے ہاتھ
بازو سے طائر ہو وقتِ ذبح گردن زیر پا

پانوٗن جرأت کے پڑے پہ گر کفش حرم ہرمی
تب یہ کہنا لطف رکھتا ہی کہ دشمن زیر پا

جو ہوو آہ جگر اپنا تا زبان پوہنچا
قرین چرخ سخن تازہ آسمان پوہنچا

نہ کچھ حقیقت یعقوب پوچھو کنعان مین
بغیر یوسف مصری جو کاروان پوہنچا

برنگ طائر سیماب اوڑ گیا ایسا
کہ پھر نہ طائر دل تا بآشیان پوہنچا

گئے ترے جو زخود رفتہ شکل صرصر وہان
فنا کے دشت کو ہر نخل گلستان پوہنچا

اوٹھا جو کوسے بتان سے تو بہر خدا جانے
کہ مین چلا تھا کدھر بیخود اور کہان پوہنچا

کل آئی دلکو جو آئی تیری کلائی ہاتھ
خفا ہو مجھسے چھڑاتا ہی کیون یہان پہنچا

غریب اپنی جتاتا ہی اس لیے دل زار
کہ رحم کھا کوئی مسے تا بستان پوہنچا

نشست بام محبت جو چیت چڑھی ہی تری
دلا ہم تو کوئی پہلے نردبان پوہنچا

چھٹے نہ طائر دل شکل مرغ قبلہ نما
کہ تنزو بال سمیت اپنے آشیان پوہنچا

ق
کہا یہ مان مرا رشک سے مرون تا کی
کہ دم لبون پہ مرے ای قرار جان پوہنچا

رکھے ہی لذت بوسہ سے مجھکو گر محروم
تو اپنی تو بھی نہ ہونٹون تلک زبان پوہنچا

ق
یہ کیسو اوس بتا پیدرو سے برای خدا
سحر جو پیک صبا تجھسے جاکے وان پوہنچا

کہ نیم جان ہے جسے تم چھوڑ گئے تھے سر شام
وہ نصف شب کو خدا پاس نیم جان پوہنچا

غزل اک اور بھی کہ حسب حال ای جرأت
بیان تلک غم و اندوہ نے بیان پوہنچا

یہ دلکو صدمہ درد و غم نہان پوہنچا
کہ سب سے چھپکے خدا جانے وہ کہان پوہنچا

تھا مریض یہ خاموش گھر سے نکلا گل
کہ سب کے کان تک اک شور الامان پوہنچا

حباب پاسے آنکھون مین جان مرغ اسیر
چمن تلک اتو قفس اوسکا باغبان پوہنچا

بند ہوا سے گلی سے اوٹھا دیا ہی ترے
نصیب خرابی جو دوران تلک مین ناتوان پہنچا

جو آئی رنگ پہ ٹک صحبتِ گل و بلبل
تو دام لے وہیں صیاد ناگہاں پہونچا

برنگِ کاغذِ بادی ہوا ہے مرغِ دل آہ
بدستِ شوخِ ستمگر کشاں کشاں پہونچا

گر آزمانی ہے الفت تو جلد یاں دمِ تیغ
تم آن پہونچو کہ ہے وقتِ امتحان پہونچا

پیامِ عاشق و معشوق ہیں پیامِ وصال
کبھی یہ مژدۂ جان بخش پر نہ یاں پہونچا

برنگِ تازہ بیابان میں گل کھلے قاتل
تری جو زخم نصیبوں کا کاروان پہونچا

ق
ہوا پھری دمِ رخصت بہار کے اے وائے
کہ گلستاں کو عجب صدمۂ خزاں پہونچا

چمن سے بلبلِ بیکس کا تا بہ خارستان
ہزار ٹھوکریں کھاتا کل آشیاں پہونچا

ق
رہا فسانۂ غم اپنا دل کا دل ہی میں
حضور اوسکے نہ افسوس تا بیان پہونچا

کہانی کہنے ہمیں اوسنے جو کہا شب کو
کہ اپنے وقتِ معین پہ قصہ خوان پہونچا

سب اہلِ فرس تمنذکرینگے ای جرأت
جو ریختہ یہ تیرا تا باصفہان پہونچا

پر اژ گوہر سرشکِ چشم سے دامان تر پایا
تری دولت سے لب لعل نے عشق ہنسے خوب بہتا پایا

سکھا دی پردہ دارِ حسن نے یہ اوسکو خاموشی
کہیں قسمت سے ہمسایہ جو ہمنے اوسکے گھر پایا

جو از راہِ تلطف پاؤں وہ رشکِ ملک رکھے
تو پہونچے کر سے دل کا ہمارے عرش پہ پایا

اسیر ایسا تھا طفلِ شوخ نے پر دام کے ہاتھوں
کہ جب چھوٹا تو ثابت ایک بھی اپنا نہ پر پایا

نہوتا صبحِ محشر وہ بیان جو وصل کی شب کو
الم آمد سے تیری ہمنے ای وقتِ سحر پایا

بہا یا چشم پر خون سے ستایا جسقدر چاہا
غمِ فرقت نے جو دل کو بہت کم زور کر پایا

اگرچہ مہر و مہ کا حسن ہے مشہور عالم میں
پر اوسکے میں کفِ پا کو نہ اوشمس و قمر پایا

خجل ہو باغبان سے میں نہاں رشک نہ ہوا ہیا
نہ بیٹھا کوئی سایہ میں وہ کچھ تجھسے شجر پایا

چلا تھا خواہیں وہ غیرتِ گل مجھسے رخصت ہو
کھلی جو آنکھ تو وہ اشکو خون سے تر بتر پایا

بہت کچھ میری صورت دیکھ دیکھ اچھو وہ ہنستا کہ
بتا مجھکو کہ تو نے کچھ بڑا ای بیخبر پایا

یہ میری ہو گئی صورت کہ پہچانا نہیں جاتا | لگا کر دل کسی بیدرد سے دکھ اسقدر پایا
عجب کچھ مجمع عشاق میں ہوتی ہے کیفیت | کسیکو نعرہ زن دیکھا کسیکو نوحہ گر پایا

ترے دل پر یہ کیا صدمہ ہے کیوں روتا ہے تو جرأت
تجھے جب سے نہ پایا یار تب با چشم تر پایا

غزل مشاعرہ دوبارہ

ہے اشک گرم سے جوں چشم کان آتش و آب | موافقت یہ کہاں درمیان آتش و آب
جدھر کو ہیں تری عشاق محو گریہ و آہ | نظر پڑے ہے اودھر اک جہان آتش و آب
بزیر خاک سگئے ہم جو لے دل و دیدہ | ہوا ہے شہر خموشان مکان آتش و آب
جگر سے نکلیں ہیں نالے سرشک آنکھوں سے | چلا یہ مل کے کہاں کاروان آتش و آب
بیان برق ہے گہ گاہ شکل آب روان | سمند ناز کا ہے ہمعنان آتش و آب

کسے میں دوں لب جاناں سے نسبت ای جرأت
مگر ہے صورت صہبا بیان آتش و آب

بحر غم میں کوئی تا چند غمین جاوے ڈوب | رسم الفت ہے الٰہی یہ کہیں جاوے ڈوب
جبکہ ہوں طفل سرشک آہ ارسطو سے نادان | کیوں نہ یونان دل اپنے کی یہیں جاوے ڈوب
یہ کیا چرخ کو اس اشک کے طوفان نے تباہ | کہ یہ کشتی کوئی ساعت میں کہیں جاوے ڈوب
چاہ یوسف کی زلیخا کو تھی بیشک لیکن | اس تری چاہ میں یوسف سا حسین جاوے ڈوب
وقت گریہ ہے یہی وس کوچے میں میری ہے دعا | یا الٰہی یہیں یہ خاک نشین جاوے ڈوب
بخت دل کو جو مرے دیدہ تر میں دیکھے | آب میں لعل کا خجلت سے نگین جاوے ڈوب
جبکہ ہو گرم سخن بزم میں وہ غیرت حور | عرق شرم سے ہر ماہ جبین جاوے ڈوب
سجدہ اوس بت کافر کو جو دیکھے زاہد | تجھہ عشق میں صبر دل میں جاوے ڈوب

جرأت اک اور غزل دوسرے سولانی کی تو پڑھ
ہوش سے بیٹھا جو کوئی ترے قرین جاوے ڈوب

شرم کھاتا ہون کہیون کہ وہ زمین جاے ڈوب
کاش ای گریہ مری جان غم مین جاے ڈوب

بھر رہا ہی یہ مرا دل کہ پس از مرگ بھی مین
روؤن گر زیر زمین عرش برین جاے ڈوب

کل جو دریا کو نہانے گئے ہم اوسکے ہاتھ
یہی کہتا تھا وہ یارب یہ کہین جاے ڈوب

وسکے ہمراہ ہوئی جان بھی رونے سے تباہ
غرق ہو جبکہ مکان کیون نہ مکین جاے ڈوب

دل پہ نقش اوسکے ہو جب نہ مجھسے تبسم
پھر سیاہی مین نہ کیون نقش نگین جاے ڈوب

آہ و نالہ کو جو رخصت دون تو جلجاے فلک
گر کرون گریہ تو سب سے زمین جاے ڈوب

شرم سے عشق کے جرات کی یہ کچھ حالت ہی
جو ہین ذکر اوسکا کرے کوئی وہین جاے ڈوب

ہوگیا مجھسے وہ برہم آہ و زاری کے سبب
مجھ پہ جو گذرا سو میری بیقراری کے سبب

کیا کہون ایماہ تجھ بن شغل کیا اپنا ہی آہ
دن کٹے با تو نے شب اختر شماری کے سبب

مت خفا ہو ہم بھی آ نکلے جو محفل مین ترے
اختیار اپنا نہین بی اختیاری کے سبب

تلخ اب ہی ہم مونکو ایکدن کی زندگی
تنگ ہین یہان تک مری بیماری کے سبب

یون ہوا ہے وصل نے دل کو شگفتہ کردیا
غنچہ کھل جاتا ہی جیون باد بہاری کے سبب

روبرو تیرے بیان کیا کیجے ای آئینہ رو
جو ہمین حاصل ہوا ہی خاکساری کے سبب

کل جو اوسکے ہجر مین جیتا بچا ای ہمنشین
آج جا سکتا نہین مین شرمساری کے سبب

آتش فرقت سے جب مجکو جلایا شمع سان
ہوگیا سب جسم پانی اشکباری کے سبب

کیا کہون ای یار میرے سب روشن ہی یہ بات
جو ہوا مجھپر ستم سو تیری یاری کے سبب

ہو کسی دشمن کی بھی حالت نہ یہ ای تند خو
جو ہوا جرات پہ تیرے دوستداری کے سبب

جادو ہی نگہ چھب ہی غضب قہر ہی مکھڑا - اور قد ہی قیامت
غارتگر دین وہ بت کافر ہی سراپا - اللہ کی قدرت

اٹھ کیسی ہی رفتار مین گفتار کی کیا بات   ہر بات جگت ہی

اور رنگ رخِ یار ہی گویا کہ بھبوکا - پھر تس پہ ملاحت

ہین بال یہ بکھرے ہوئے مکھڑے پہ دھوان دھار   جون دود و شعلہ

حسن بتِ کافر ہی خدائی کا جھگڑا   ٹک دیکھیو صورت

ابرو فنِ خونریزی مین اوسکے ہین غضب طاق   شمشیر برہنہ

آنکھون کا یہ عالم ہی کہ آنکھون نے نہ دیکھا   فتان آہو ہی اشارت

کان ایسے کہ کانون نے سنی ایسی نہ اب تک   نہ آنکھون سے دیکھی

بالے کے تصور مین مجھے گھیرے ہی گویا   اک حلقۂ حیرت

بینی یہ خوش اسلوب کہ نتھنون کی پھڑک دیکھ   تڑپے ہی دو عالم

ہی اوسکو لب یار کے بوسے کی تمنا   ارمان ہی حسرت

دانتون کی صیقل کیا کہون موتی کی لڑی ہی   لب لعل کے ٹکڑے

مسّی ہی بلا تس پہ رکھے پان کا لاکھا   شوخی کی رنگت

دل خون کرے وہ دست حنا بستہ پھر اوسمین   سرنگی پہین ہاے

ہی وضع تو سادی سے یہ کیا کیا ہنین پیدا   شوخی و شرارت

اوس اوبھرے ہوے کا نکی کیا بات جسے دیکھ   سب ہاتھ ملین ہین

اور ہلے ہرے ہر باتمین گردن کا وہ ڈورا   ہو دام محبت

گلشن مین پھرے تک تو وہین آتش گل کے   گرمی سے عرق ائے

ہر گام پہ چلنے مین کمر کھائے ہی لچکا   اللہ رے نزاکت

ہین قہر سرین گول جو اور ہاے کہون کیا   زانو کی صفائی

فرق اسمین نہین فرق سے لے ایک سر پا   ہی طرفہ لطافت

ہی عشوہ و انداز و ادا ناز و کرشمہ اور گرمی و شوخی   ہر عضو پہ آنکھ لگے وہ کافر ہی گویا اک عجوبی صورت

بلبلے سے جو ہم لوگ ہیں گر کے گئے ہیں اس گھر کو تم لو
پھر بھی ہم جو کہیں تو پھر جھڑک کے کہتا ہیں دیکھو لعنت

جرات یہ غزل گرچہ کہی ایسی ہی تو نے ہی خوب سراپا
پر کہ سکے وہ اشعار کہ اب اسکو دو غزلہ ہو جس سے کہ وحشت

مجھ بیکسی میں پاس نہیں ہے کوئی جز جلوہ ہی اپنی وہ تربت
افسوس کہ کر کون بجز دست تمنا ہو کشتہ حسرت

جوں ہی میں نے کہا اوس سے دکھا مجھکو رخ اپنا بس اے [illegible]
تو کیا کہوں کس ناز سے جھنجھلا کے وہ بولا [illegible]

یہ آہ کی اوسکی کہ بس چھا گئی ایکبار آنکھوں پہ سفیدی
پیدا نہ گئی سل آیا نہ وہ دن وعدۂ فردا کا صبح قیامت

سو آہ محبت نہیں ہے تجھے ایدل تو پھر مجھے بتلا
کیوں چاک گریبان کیے اپنا ہی تو پھرتا ہے آنکھوں میں وحشت

سو بار زبان پہ مری کٹ گئی جو شمع اور پھر ہو پیدا
پر محفل قاتل میں یہ مر منہ سے نکلا کبھی حرف شکایت

اب گھر میں بلانے لگے آتے ہیں سو سوچ نہیں مجھکو
آواز دے تو در پہ مجھے آکے سلا جا از راہ مروت

آلودہ ہوا خون سے دامن قاتل بسمل ہو جو تڑپا
افسوس صد افسوس کہ یہ تو نے کیا کیا ہے ننگ محبت

جو وسوسۂ شوق سے ہو مضطر و بیتاب نکلا ہی پڑے دل
کہتا تھا کہ کیا ظلم ہے محبوب گر اسکا ہو صاحب عصمت

کیا خاک رہیں چین سے بیتابی کے ہاتھ بس ہے یہ کہا
ہم تو گئے جھکے نہ وا ہے وہ اپنا کیا کیجیے قسمت

جب اپنے نہیں رہتا ہی جو وہ صورت تصویر اور یہ خفقان مجھ
لگ جائے پھر اس سے کہیں دلکو مدھر کا ہی طبیعت [illegible]

دل دے کے عجب ہم تو مصیبت میں پھنسے ہیں اکیلے [illegible]
اس کے جانیکا مقدر ہے گھر اوسکے بہانا آ رہنے کی طاقت

یہ مجھکو بلاتا تھا وہ بلا آسے تھا مجھ پاس محبت کی تھی گرمی
اب اوسکو خدا جانے دیا کس نے یہ بہکا ایسی ہی نفرت

[illegible]
پیدا ہوئی بیرحمی سے [illegible] گر گئی حجت

آنا مرا سن کے یہ کہیں گھر سے چلا جا [illegible]
اور کوئی سفارش کرے میری تو کہوں کیا یہ کھینچ ندامت

گر خواب میں دیکھے مجھے تو چونک اٹھے اور پھر منہ سے [illegible]
آواز جو میری سنی تو وہ گھبرا کے جانے لگے [illegible]

افسوس کہ [illegible] دکھا یا نقشہ ہی وہ بدلا
لے جا مری خانہ تن سے تو نکل جا ہو جا کے فراغت

کس منہ سے کہوں [illegible]
ان ڈھیں ہم تو وہیں قسمت سے ملے جا [illegible] صحبت

دیکھا تو [illegible]
کچھ اور کیا قصد [illegible] تیری حسرت

بلبل سنے نکیونکہ قفس مین چمن کی بات — آواز تو وطن کو سنے گئے خوش وطن کی بات
ہی موسم بہار مین با صد زبان خموش — بلبل سنے کیا سنی ہی کسیکے دہن کی بات
سر سینچے راہ عشق مین پرونہ مڑ ئیے — پتھر کی سی لکیر ہی یہ کوہکن کی بات
مت پوچھ حال سے اپنے تو بیمار عشق کا — ہونے لگی اب اوسکی تو گور و کفن کی بات
عیش و طرب کا ذکر کرون کیا مین دوستو — مجھ غمزدہ سے پوچھیے رنج و محن کی بات
ناصح مین کیا کہون کہ ہوا کسطرح سے چاک — دست جنون سے پوچھ مرے پیرہن کی بات
تھا عاقل زمانہ یہ دیوانہ ہو گیا — جس شخص نے سنی مرے دیوانہ پن کی بات
یارو مین کیا کہون کہ جلا کس طرح پتنگ — پوچھو زبان شمع سے اوسکے لگن کی بات
شاید اوسیکا ذکر ہو ہر رہگذر مین مین — سنتا ہون گوش دل سے ہر اک مرد و زن کی بات

جرات خزان کے آتے چمن مین رہا نہ کچھ
اک رنگ ہی زبان پہ گل و یاسمن کی بات

ردیف شین

گر کہون کرتے ہو ہر اک سے ملاقات عبث — تو وہ کہتا ہی کہ تم کہتے ہو یہ بات عبث
تہا رے سنے مٹھے بین ہیں تو مسنو کہ ہر اک طوفان ہی — اپنی جھڑیان ہمین دکھلاتی ہی برسات عبث
دل ملا جنسے ہی آنکھین تو ملاؤ اوسنے — ہم سے کرتے ہو لگاوٹ کے اشارات عبث
تب مین جانون کہ مرے گھر مین بلاؤ اوسکو — شیخ جی ورنہ ہی یہ کشف و کرامات عبث

مجھ مین جرات ہی کہان مت انکی یہان
دیکھکر مجھکو چھپا لیتے ہو تم گات عبث

ردیف جیم

سخت ہم پر غضب عشق ہی آج — یوم ہجران تب عشق ہی آج
کسکے چشم سے دریا ہی روان — یہ طلسم عجب عشق ہی آج
مژدہ اے مرگ کہ دل لیکے کل آہ — جان ہمسے طلب عشق ہی آج
مہر طالع بکسوف غم ہی — ہم عزان جو ذنب عشق ہی آج

نہ اوٹھے صبح قیامت کو جو وہ
مست بنت العنب عشق ہی آج

ہم اوسے دیکھتے ہین لیے رو بہ مین
صحبتِ منتخبِ عشق ہی آج

شن چھلکا جاے ہی جرات اپنا
دلمین یہ تاب و تبِ عشق ہی آج

یار کے پیش خرامِ ناز کیا توقیرِ موج
موج حیران دیکھکر رہ جاے جون تصویرِ موج

غرقِ بحرِ لاغری یا تنگ ہون مین دیوانہ آہ
بس ہی مشکل جس اسیر کو میری زنجیرِ موج

گر لبِ دریا مین یاد آئی موجِ حسنِ یار
کارِ تیغ اپنی وہین کرنے لگی شمشیرِ موج

سنے اثر یون اضطراب اپنا ہی بحرِ عشق مین
جون بہ دریا ہوے پیچ و تاب کی تاثیرِ موج

تھا مقدر ہی مین ہونا اپنے کشتی کا تباہ
نہ گناہ لطمۂ دریا ہی نہ تقصیرِ موج

کل لبِ دریا اس اٹکھیلی سے تھا وہ تیز رو
جون کج رو واکج ہو وہ تارِ بلا تاخیرِ موج

آستینِ یار پر چُنت یہ رکھتی ہی بہار
ہو غریقِ آبِ خجلت دیکھکر تحریرِ موج

خط سے اور اوس رخ کی خوبی ہی باین صورت عیان
مصحفِ دریا کے معنی کھولے جون تفسیرِ موج

ق
کھیلین مجکو لبِ دریا فراقِ یار مین
ہووے اب جس شخص کو مدِ نظر تحقیرِ موج

یعنی جب روتا ہون بحرِ اشکِ خون تب آے ہی
ہر طرف سے یہ صدا اللہ رے توقیرِ موج

جب بہی گلشن مین جرات یار بن مع نسیم
باد کش سے لگ گئے دل پر ہزارون تیرِ موج

کیا اوس بغیر بات کرین انجمن کے بیچ
جون غنچہ یان زبان ہی نہین ہی دہن کے بیچ

گلشن مین مجھ دوانیکو سے تو چلے ہین یا
ایسا نہو کچھ اور کھلے گل چمن کے بیچ

گلگشتِ باغ سے ہمین کیا کام ہی کہ آہ
ہر دم بہار تازہ ہی داغِ کہن کے بیچ

ہر لحظہ دور کو جھانکتا پھرتا ہون دیکھیو
ہشیار یان مری مرے دیوانہ پن کے بیچ

بعد از فنا تو مین ہو رکھیو کیجیو کوئی
اوسکی گلی کی خاک ہمارے کفن کے بیچ

دونون طرف سے گرچہ طبیعت کا ہی لگاؤ
جو کچھ نہ کہنے پائے کہ مجلس ہوئی تمام
لبریز شکوہ دل ہی ادہر اوسکے روبرو

صحبت ہوئی پر ایسی ہوا اک انجمن کے بیچ
وان جسکی جی جو رہگئی بات من کی من کے بیچ
گویا نہین زبان کو جنبش دہن کے بیچ

پر کیا کرین کہ مصرعہ سودا ہی حسب حال
ایسی کی ایک نگہ کہ رہی من کی من کے بیچ

تضمین

چین وقت شام ہی بستر نی آرام صبح
آشب ہجر امین جلدی ہم نہ جب اوٹھنگے تو [illegible]
دہ کہان راتین جو میخواری تھی اوسکے ساتھ رات
چپکے سے اوٹھتے ہی جو وہ غیرت سے گھر گیا

گر یہی غم ہی تو کام آخر ہی اپنا شام صبح
تیرا آنا پھر ہمارے آئیگا کس کام صبح
پیتے ہین لبریز خون قہر ہم یک جام صبح
آنکھ اپنی لگ گئی کیون وقت ناز جام صبح

اسقدر مضطر فراق یار مین جرات نہو
وصل ہوتا ہی خدا کے فضل سے اب شام صبح

تضمین

پڑ گئے یون مری آہون سے جگر مین سوراخ
اپنے کوچہ مین سنا مجکو تو اپنے ہاتھون
تیرے دانتون کی ہی کب سلک گہر مین ہی صفا
کیا کہون دل کو کہ ایسا ہی بغل کا دشمن
دیکھ مت سوی فلک ورنہ پڑے تیر نگہ

تختہ چوب مین جون ڈالی ہین برمین سوراخ
بند کرتا ہی وہ جو جو کہ ہین در مین سوراخ
بس اسی غم سے ہی ہر ایک گہر مین سوراخ
جسکی ہین نیش زنی سے کئی بر مین سوراخ
ڈال دیوین گے ابھی شمس و قمر مین سوراخ

ایکدم ضبط کرون مین تو بہ شکل قندیل
جا بجا ہوویں پڑین سینہ و سر مین سوراخ

کیفی ہی چشم یار سفید و سیاہ سرخ
سرخ و سفید سنگ ہی یکسو اگر دہ لعل
باندہ مسی کی سے یار گلتے ہین کیا ہی عجب

جون ساغر نگار سفید و سیاہ سرخ
ملکر کرین بہار سفید و سیاہ سرخ
دندان آبدار سفید و سیاہ سرخ

خونِ جگر سے مین کیجے نامہ تر بتر
اس رنگ سے نہین کوئی اگرچہ رنگ
کاغذ مین غبار سفید و سیاہ و سرخ
دیکھین ہین مین ہزار سفید و سیاہ و سرخ

ردیف خاے معجمہ

جرأت برنگ لالہ کسیکے فراق مین
ہی جان داغدار سفید و سیاہ و سرخ

ردیف ذال معجمہ

زور آپکے تو ہاتھ لگا ہی حسین بند
گویا کمند ناز و ادا ہی حسین بند

زنجیر بند سلسلۂ یار ہی مگر
زرگر نے حسن کے یہ گڑھا ہی حسین بند

ہون جنبشین جسکے بھرے ہوے زیور مین
سینے وہ عشوہ گر تو بجا ہی حسین بند

اب دام ل کہو نہین ہے ایا کمند جان
حیران ہی عقل میری کہ کیا ہی حسین بند

پڑتی نہین ہی دام محبت مین مجکو کر
جرأت نظر وہ جسپے پڑا ہی حسین بند

جواب خط کا ہے آپنے کب لکھا کاغذ
مگر پیام یہ آیا کہ یان نہ تھا کاغذ

یہ ہوش اڑگئے پیغام کے آتے ہی
کہ اور بھیج دیا ہمنے خط کی جا کاغذ

دل شکستہ کا مین نے لکھا جو حال او
تو پڑھکے خستہ دیوار مین جڑا کاغذ

یہ ہم نے کس گل رخسار کے لکھے اوصاف
کہ اپنا تختۂ گلزار بنگیا کاغذ

خط اپنا کیونکہ پہونچتا اوسے کہو جرأت
لکھا جو سوز جگر کچھ تو جل گیا کاغذ

اشکِ چشم ایسے دمِ رخصت یار آے نظر
ابرِ گریان کا بندھا جیسے کہ تار آے نظر

رنگِ گلزارِ جہان گرچہ ہزار آئے نظر
چین پر تو لگو کہان تاکہ نہ یار آے نظر

اپنا جب کو تصور مین گذار آے نظر
جس طرف دیکھین اودھر صورت یار آے نظر

ہو نہین کس غیرت گلزار کا زخمی کہ مرے
ہر بن مو پہ گلِ زخم ہزار آے نظر

بن پڑے بیچارے کے غنار کھسے جو وہ دہن
جون قلم کیون نہ مرا سینہ فگار آے نظر

ہم سخن جس سے نہو سکیے پھر اوس شوخ سے آہ
اور کچھ بات کا کب دار و مدار آے نظر

ہو جہان غنچۂ لب کا بھی نہ یارا ای دلے
تشنہ کمان یہ کہ جو وان بوس و کنار آئے نظر

ہم وہ دل افروختہ وان جون شرر سنگ ہین آہ
نہ جہان پیک صبا کا بھی گذر آئے نظر

سربلندی جنہین دے وے جو چرخ نہ دے چین آہ چھین
کہ بگرد رخش سو خور لیل و نہار آئے نظر

جبکہ ہر روز کٹین وعدے یہ گھڑیان گنتے
کیون نہ پھر دن ہین اب روز شمار آئے نظر

اوسکی محرم یہ بھبوکا سی جو دیکھون چڑھیا
کیون نہ جون طائر سیماب قرار آئے نظر

ق

ہو بصد رنگ شگفتہ لب دریا و باغ
ہر روش جس مین کہ بس لطف ہزار آئے نظر

چار سو نغمہ سرائی مین ہون مرغان چمن
شاخ در شاخ عجائب گل و بار آئے نظر

موج دریا اودھر اٹھ کھیلی کی چالین جی کھلائے
اور ادودھر رقص کنان باد بہار آئے نظر

ہووے اطراف سے گھن گھور گھٹا گھر آئی
کوند بجلی کی ہوا اور پڑتی پھوہار آئے نظر

اک طرف مور منڈیرون پہ کرین کیا کیا شور
اک طرف ابر مین بگلون کی قطار آئے نظر

گردش جام ہو جون گردش چشمان بتان
ہاتھ مین مطرب سرخوش کے ستار آئے نظر

لب بلب سینہ بسینہ جسے جی چاہے وہ ہو
گلشن زیست کی تب ہمکو بہار آئے نظر

عاشقانہ غزل اب پڑھ کوئی جرات تہ دار
معنی تازہ بھی تا یارون کو یار آئے نظر

رخش بیتابی پہ ہم دوڑ ہین سوار آئے نظر
جاستے ہی جون در جانان پہ کہار آئے نظر

سال گذرے کہ تم ہمکو نہ یار آئے نظر
آگئے تو باد کے گھوڑے پہ سوار آئے نظر

یار بھی باغ مین لیجائین جو مجھ وحشی کو
اونپہ ثابت نہ خزان ہو نہ بہار آئے نظر

خاک ہو سکتے ہی کرے جبکہ فلک تند ہوا
خاک اوس کوچہ مین پھر اپنا غبار آئے نظر

تیرے بیکس کو بھی وان نزع کا عالم اب آہ
کہ فرشتے کا بھی جس جا نہ گذار آئے نظر

نے کہ تیر ہین کہ فرہاد مین آہن و سنگ
کیون نہ پتھر مین پھر اس غم سے شرار آئے نظر

اسنے توسن کو بھبوکا جو دکھادے پہ لگائے
آتش حسن کا اک طرفہ حصار آئے نظر

دیکھ کر نشہ مین لٹ اپنی وہ سمجھا اس شکل
کس ڈر سے پیچکو جیسے کہ مار آئے نظر

کشتۂ ناوکِ مژگان جو تہِ خاک مین رووین
کیون نہ پھر تودۂ طوفان مزار آئے نظر

جوشِ وحشت کا مرا تب ہی کہ جب دشت مین
صورتِ خار برہنہ تن زار آئے نظر

عوضِ پیرہن آبِ روان و شبنم
جابجا مو تن پہ ہر اک اشک کا تار آئے نظر

دل کو یون پھونک دیا آتشِ غم نے جرات
جل کے جون خاک سیہ کوئی دیار آئے نظر

ہم اوٹھین وان سے اور اوس کو نہ چھوڑے پتھر
شومئی قسمت ہو کیون ہم بھی نہ توڑے پتھر

کوہکن تو نے عبث کس کے لیے توڑے پتھر
کہیے مرد اوسکو جو پندار کے توڑے پتھر

سنگریزے نہین کہسار پہ الماس ہین نکال
یہ بسوزِ غمِ فرہاد دو دو ٹوٹے پتھر

آسیا سے کوئی اب سیکھے رفاقت کا طریق
ساتھ گردش مین بھی پتھر کا نہ چھوڑے پتھر

یہ بھی بولا نہ وہ مجھ پر ستمِ طفلان دیکھ
پھینکتے کیون ہین دوانے پہ لنگوٹے پتھر

لعلِ معنی سکیے پیدا بزبانِ تیشہ
سنگلاخ ایسی زمین سے جو مین توڑ کے پتھر

انکھین پتھرا گئین جون سنگ سلیمانی آہ
نکلے آنسو تو یہ الفت نے نچوڑے پتھر

روز و شب کوہکنی ہو بہ صول تنخواہ
کھائین کیا خاک سوار اور جبین ٹھوکر لگے پتھر

بوسہ لعلِ لب اوس سے جو طلب کیجے تو بس
یون وہ ہونٹھون سے کہے لیجیے تھوڑے پتھر

جرات اب اور ہی کہہ مطلع رنگین جون لعل
فائدہ کیا جو یہ ہین تو نے یہ جوڑے پتھر

اشکِ گلرنگ سے نیرنگ نچوڑے پتھر
رشکِ صد لعل کیے سیکڑون روڑے پتھر

ابر ہیرونہ لگا سنگ جامد سے زیادہ
تیرے دیوانے نے کیا کھا کے بہ پیچ کرے پتھر

صحرا و دشت کو آتا ہے کرشمہ ہو جو فوج
بت سے جا آئین سوار اور ہو ہون ٹھوکر لگے پتھر

دلمین اوس بت کے ہوا کو نکا اثر خاک کہ نرم
موئے کب کھائے اگر کتنے ہی کوٹے پتھر

باروز تحمل ہو لازم مری اک تربت پر
شاید اگر وہ کہین دور سے پھوڑے پتھر

اب خطاب اوسنے دیا ہی مجھے پتھر پھوڑا
مین نے دشت مین کئی سر سے جو پھوڑے پتھر

جرات اب کیجے بنا ایک محل ریختہ اور
تا یہ سب جانین کہ خوب اسنے بھی جوڑے پتھر

ہم نے چھاتی پہ لگا گو کئی پھوڑے پتھر
وہ نہ پھوٹے جو کلیجے کے ہین پھوڑ کے پتھر

دل کا مل ڈالنا کیا گل کی طرح ای یارو
پنجۂ عشق جو چاہے تو مروڑے پتھر

بیستون مین نجھے شیرین کی جو دیکھے تصویر
تیری تصویر سے پھر آنکھ نہ موڑے پتھر

دھکدھکی اوسکے کلیجے سے لگی ہی ظالم
ہد مو چھاتی پہ رکھ دو مرے تھوڑے پتھر

نگہ یار ہو سینہ کے مرے کیونکہ نہ پار
یہ وہ ناوک ہی کہ بس چھیدتے ہی توڑے پتھر

سنگ بر سینہ ہون کہنا نہ کسیکا کر یار
چھوڑ بس چھوڑ پڑین تجھپہ نگوڑے پتھر

آنکھین پتھرا گئین میری دیکھ جنز لب بام
کیونکہ وہ سنگدل اوپر سے نچوڑے پتھر

اوٹھو اوس کوچے مین یہ حال ہی میرا جرات
ٹھوکرین کھاتے ہین جون باٹ کے روڑے پتھر

نظر پڑی ہی کب اس آب و رنگ پر تصویر
شب اپنی تھی جو بغل مین پلنگ پر تصویر

نیا یقین ہو کرتے ہین سنگدل محبوب
بنی ہی اسلیے شیرین کی سنگ پر تصویر

وہ جب کرے ہی تو حیران اوسکو تکتا ہو
کہ مستعد ہو کی کیونکر یہ جنگ پہ تصویر

سمجھ کے قطرۂ خون چشم کم سے مت دیکھو
یہ اسنے دل کی ہی باندھی خدنگ پر تصویر

سنا ہی تمکو ہوا شوق کا تہ بادی
کھچا سا اپنی وہ یار تنگ پہ تصویر

شبیہ ہی تبسم اوسکی کب ہو غنچہ
ہنسے ہی یار کی کارِ فرنگ پہ تصویر

نگاہ یار کے قابو مین ہی طائر دل
کھینچی ہو باز کی جیسے کلنگ پہ تصویر

ہزار کھینچے مصور شبیہ اوسکی ٹھیک ۔ یہ ہو نہ تو دیکھو جو ہو اوس رنگ پر تصویر
تری مرقع عالم مین ہی وہ یکتا شکل ۔ کہ ایک دیکھی نہ اس رنگ و ڈھنگ پر تصویر
گلے پہ رکھا ہی سودا یہی کہ مجنون کی ۔ پہ کبھی ہو ناقہ لیلے کے رنگ پر تصویر
یہ حسن حق نے دیا ہو تو کیون نہو حیران ۔ ہر ایک اوس بت گلرو کی رنگ پر تصویر

خیال کش ہی وہ جرات مرا مصور فکر
سخن کی کھینچے ہی سو سو ترنگ پر تصویر

ردیف زای معجمہ

کر سکے پانون بھلا کیونکہ وہ رنجور دراز ۔ جسکو بستر پہ ہو جنبش سفر دور دراز
صبح محشر کو ہو اوسکی سحر ہونے تو ہو ۔ ہی یہ فرقت کی قیامت شب دیجور دراز
کیون نہ سو جان سے ہم اوس شک پری پر ہون نثار ۔ دیکھکر جسکو ہو دست ہوس حور دراز
دم مین سو بار جو مضطر کہین جاتا تھا ہاے ۔ اب کیے پانون پڑا ہی طرف گور دراز
کیون فلک وصل کے دن کو تو وہ کوتاہی ہے ۔ اور شب تیرہ ہجران ہو یہ نے نور دراز
بند ہو گیا ہی یہ خدا جانے تصور سے کیا ۔ ہاتھ کرتا ہی جو بستر پہ یہ رنجور دراز
پر چھیان جنکے تصور مین کلیجے کے ہون پار ۔ تیرے مژگان ہین وہ کا فرتب مغرور دراز
زندگی مین تو دل آرام سے بیٹھا نہ مگر ۔ چین سے اب ہی تہ خاک وہ مغفور دراز
کیونکہ عاقل تمھین ای ناصح مشفق سمجھیں ۔ سارے عالم مین ہی قد آپ کا مشہور دراز
کیا شب وصل کہو نہین قلق دل پیارے ۔ تمکو بستر پہ جو ہونا نہین منظور دراز

ملے جرات سے اگر پاس ہی بدنامی کا
نہین تو بات پہنچ جاوے گی یہ دور دراز

ردیف سین مہملہ

غم تنہائی کو جو بیٹھون کسی غمخوار کے پاس ۔ بیقراری یہی کہتی ہی کہ چل یار کے پاس
منہ نہ کھلواؤ مرا چپکے رہو جانے دو ۔ آپ چھپ چھپ کے نہین جاتے ہین اغیار کے پاس
ہمنشین ہم مین ہون دل زار کو لیجا ظالم ۔ آہ بیمار کو رکھتے نہین بیمار کے پاس

دور کی بات سے گئے لوگ سمجھانے اوسکو — اب جو گھر ہو تو خانہ دلدار کے پاس

ہم اسیران محبت کو چمن سے پھر کب
جانے پاوین نہ جب اپنے گل بیمار کے پاس

اب نکال اپنی تو ای گردش افلاک ہوس — ہو سکے جب خاک تو پھر نکلے کی کیا خاک ہوس
کردیا بخت سیہ نے جو جدا اوس زلف سے
اب پریشانی لیے پھرتی ہر گل مو نے مجھے

تیرے یہ اشعار تو مین سنے جرات پر اب
عاشقانہ بھی غزل کوئی سنا دے تو نے مجھے

بیکلی ایسی ہی پہر ہو نہ وہ گلرو نے مجھے
کل نہین پڑتی کسی کروٹ کسی پہلو نے مجھے

زخم اک شمشیر کا سا دل پہ لگ جاتا ہی آہ
یاد آجاتی ہے جب وہ جنبش ابرو نے مجھے

اتبلک تو بات مین لغزش مرے آئی نہ تھی
کیون کیا جاسے ہے پر سودا بیقراری و نے مجھے

جب تلک دیکھوں نہ تیری شکل کل پڑتی نہیں
سچ بتا تو نے کیا ہی یار کیا جادو مجھے

روتے روتے میں تو ہوں حیران یہ کیا ہو گیا
اب نظر آتا نہیں آنکھوں میں یا کہ آنسو مجھے

ظلم ناحق گر کسی پر کوئی کرتا ہی تو آہ
یاد کس کس شکل آتی ہی کسیکی خو مجھے

کیا اوٹھاؤں سر کو زانو سے کہ آتا ہی نظر
غیر کا اوس دلربا کے زیر سر زانو مجھے

لاغر ایسا ہی یہ جسم ناتوان جوں برگ کاہ
اب صبا پھیرے ہی اس پہلو سے اوس پہلو مجھے

کیا گردن پر رہے صیاد کا جرأت گلا
دام سے چھوڑا تو چھوڑا توڑ کر بازو مجھے

نہ تنہا دل خرام ناز پہ ہر آن لوٹے ہی
ترا دامن بھی قدموں پہ ترے ای جان لوٹے ہی

گیا ہی چھوڑ کر تو جسکو ای آباد ے عالم
وہ مضطر کیا درون خانہ ویران لوٹے ہی

کرے ہی چاندنی کی سیر جب وہ بیٹھ کشتی میں
تو کیا کیا موج پہ عکس مہ تابان لوٹے ہی

دیا یہ خانۂ قاتل میں کسنے چین کو جانے
جو در پر نیم بسمل سا پڑا دربان لوٹے ہی

گرے ہی جبکہ تیرے مضطرب کے چشم سے آنسو
تو کیا کیا خاک پر جوں گوہر غلطان لوٹے ہی

خفا نت مجھسے ہو گر لوٹ جاؤں تیرے قدموں پر
کروں کیا میں کہ تجھپر دل مرا ای جان لوٹے ہی

چھپاتے ہو گل نرگس سے تو جو اپنے مکھڑے کو
تیری اس بات پر کیا کیا ترا حیران لوٹے ہی

کریگا کام آخر اب وہ پاجامہ تمامی کا
کہ یک بجلی سی چلنے میں تہ دامان لوٹے ہی

بنا یا شیخ سنتے یہ حال اپنا وجد میں آکر
کہ اوسکا سن کے ایسا دیکھکر شیطان لوٹے ہی

سرود اب طرفہ اوس مطرب بچے کا رقص لاتا ہی
کہ ہر یک بیکلی سے اوسکی سنکر تان لوٹے ہی

الہی میں جو وال کی زلف کا اوسکی ہی لہرانا
تو یک چھاتی پہ اپنی سانپ سا ہر آن لوٹے ہی

لوٹا ہی جو سونا یاد باہم بستر گل پر
تو ساری رات انگاروں پہ جیسے جان لوٹے ہی

سکھے اشعار بیتابی کے تو نے ایسے ہی جرأت
کہ پڑھ پڑھ ہر سخندان اب ترا دیوان لوٹے ہی

تھی یہ مرکوبی کہ جوں بجتی ہے نوبت صبح کی
ہم سے یہ کہتے ہوں سنے کل یوں شام فرقت صبح کی

ہر قدم پہ چشم پر پا تھا چلا جب گھر وہ ماہ
تھی فزوں صبح قیامت سے قیامت صبح کی

مجھکو خورشید سحر کا یا جلانیکو میرے
دیکھ اے آتش کی پرکالے شرارت صبح کی

آئینہ جب دیکھ کرتے ہیں سواری وہ طلب
دیکھ رہتا ہوں میں صورت کیا بحسرت صبح کی

ہے شب ماتم سے بدتر بلکہ ہے گردن نی
سنے لے بیاض گردن جاناں صباحت صبح کی

منہ دھلاتی تھی جو اوسکا اپنی اشک چشم آہ
جوں گل و شبنم عجب باہم تھی صحبت صبح کی

مجھ اسیر زلف کو آرام سے یوں روئے یار
نیند افیونی کو جوں بخشے ہے راحت صبح کی

گر تصور میں رخ جاناں سکے تو کسب کمال
یعنی بہتر ہوتی ہے ہر فن میں کثرت صبح کی

صبح جو در گھر گیا تو شام تک روتے رہے
ہم دل انکا روکو راس آئی نہ صحبت صبح کی

ق

سنبل و رخ و زلف بتاں دن رات جی بیچین ہے
کیا کہوں ایذائے شام اور کیا اذیت صبح کی

پھاڑتا ہوں میں گریبان زندگی سے ہاتھ اٹھا
یاد جب آتی ہے وہ صاحب سلامت صبح کی

درد دوری سے یہ کس مہرو کے تھا تو بیقرار
شام سے رو رو کے جو شب تونے جرأت صبح کی

یہ نقش اپنے دل کے نگینے پہ حرف ہے
گر جان تو ہو وے تو جینے پہ حرف ہے

او رخ پہ خط کے جوں خط گلزار ہے بہا
اللہ کیا ہر ایک قرینے پہ حرف ہے

ہو کیوں نہ تشنہ مشق اب تر امریض
جو لوح مشق اوسکے پسینے پہ حرف ہے

چھائی مری سر پہ جو دو رو غم ست
انسان ہو کیا کہ کوہ کے سینے پہ حرف ہے

گر نا ہو سر کے سبل تو جز ہو ماتم عشق پر
پیش نظر یہ سب ہے ہی نہ نینے پہ حرف ہے

طوفان اشک یہ ہے تو عالم سے بہ گا کیا
مجکو تو آسمان کے سفینے پہ حرف ہے

یوں عشق میں یہ تشنہ دیدار تھا
کھانا تو کیا کہ پانی کے پینے پہ حرف ہے

پنہاں ہوں سینہ میں غم اپنے کہ وہ سب
واں بوزن خیال کے سینے پہ حرف ہے

سو خط لگے نہ آپ نے دو حرف بھی لکھے
اب ہمین دوستی کے توڑنے پہ حرف ہے

گویا وہ لعل لب مسی آلودہ ہے طلسم
چسپان جو لعل سے ہو تو مٹنے پہ حرف ہے

اب وہ غزل پڑھوں میں کہ جسکا کوئی جواب
دو دن کیا کہے کہ سینے پہ حرف ہے

لب کہ لعل کے بھی نگینے پہ حرف ہے
سبزہ یہ پشت لب کہ شیشے پہ حرف ہے

عالم ہوا ہو جائے تو سفینہ مین علم گر
غالب یہ ایک لاکھ سفینے پہ حرف ہے

اوس رومی پہ عشق یہ عیان دو حرم لا الہ
اعجاز حسن ہی یہ پسینے پہ حرف ہے

گویا ہین شک تکمہ لعل اوسکی قمیص
اور سبز جو یہان وہ کرینے پہ حرف ہے

جسکو کہ سر کٹانا ہو وہ یہان سے رکھے قدم
بس ہم مرین جو اوسکے جینے پہ حرف ہے

پہنچا نہ اوسکے ہاتھ مین جو بن لعل **جرات** آہ
حسرت بھرا ہوں اسکے نگینے پہ حرف ہے

تربت وہ رشک گل جو ذرا جائے چھو مری
حوران باغ خلد کرین خاک بو مری

گر تم بھی کان دھر کے سنے بات تو مری
اوس وقت تک کے دیکھیے کوئی گفتگو مری

یارب کبھی تو دیکھون مین یہ انقلاب عشق
میری طرح سے وہ بھی کرے جستجو مری

حسرت ہی رہی فلک کہ ہوئی ایک دم مین صبح
مانی جب اوسنے بات بعد آرزو مری

نالان یہ نت کے نالون سے ہمسایہ ہین سب
فریاد کرتے پھرتے ہین اب کوبکو مری

گالی کسیکو دیکے وہ کہتا تھا مجھ سے پھر
مین کیا کرون کہ تونے بگاڑی ہے خو مری

اوس بن مین کیا کرون نہین لگتا کہین یہ دل
خواہش اگرچہ رکھتے ہین سب خوبرو مری

تا صبح دم اخیر نگر منکر نجیہ تو
پوشاک اب کرینگے فرشتے رفو مری

گذرین ہین سو طرح کے مجھے سوچ دلمین آہ
کہتا ہے شغل اوسکی کوئی روبرو مری

ق

مائل تھا ایک شہرۂ آفاق پر جو میں
صحبت نہ گو بر آر تھی اوس سے کبھو مری

پر ملتمس ہوں بعد فنا تجھسے میں کہ خاک
لیجائیو اوڑا کے صبا چارسو مری

کم ظرف میں نہیں ہوں پلا مجھکو ساقیا
ہرگز کوئی سنیگا نہ یاں ہاے وہو مری

بیٹھا رہوں خموش اگر مے سے ہمنشیں
گردن تلک بھری ہو بشکل سبو مری

جرات خوش آگئے ہیں سمجھکے گر عاشقانہ شعر
پردرد تو یہ سن لے غزل اور تو مری

بیکس ہوں وہ کہ نکلی نہ حسرت کبھو مری
روئیگی بعد مرگ نہ مجھے آرزو مری

ہمدم ہوس نہ پوچھ دم نزع تو مری
جو تھی سو زیر خاک چلی آرزو مری

حال اوسکی دوستی میں ہوا یہ کہ اب طلب
حق سے دعاے خیر کرے ہے عدو مری

جلاد بھیجیے پاک محبت کا جرم ہے
گردن نہ کیجو تن سے جدا بے وضو مری

ٹپکے نہ کیونکر چشم سے پھر خون آرزو
یکلخت حسرتیں جو ہوں دل میں لہو مری

یارب یہ کسکے گھر سے میں نکلا کہ خلق میں
ہے داستان دربدرو کوبکو مری

چاہیے کچھ اور مجھکو نہیں ہے ہوس مگر
خواہش رکھا کرے دل میں تری آرزو مری

حیرت ہے یہ کہ اوسکی ہے دوری کا دل پہ داغ
ہونت نظر کے سامنے جو ماہرو مری

اپنے سے آپ اوسکے زبانی ہوں ہمکلام
حسن کلام کیوں نہ رکھے گفتگو مری

ٹک لگ گیا گلے سے جو وہ گل تو کیا عجب
جوں بوے گل کرے ہے یہی خود رفتہ بو مری

شعلہ پہ شعلہ ہر بن مو سے اوٹھیں ہیں آہ
کیا سوزش نہاں ہے عیاں موبمو مری

ق
رو رو کے جان دونگا نہ کہتا تھا اوس سے میں
اوچھل ہوا ذرا بھی جو نظروں سے تو مری

سو اب دم اخیر ہیں آنسو ڈھلک پڑے
صد شکر مرتے مرتے رہی آبرو مری

شفقت سے کے اوسکی باندھوں میں کیا کیا خیال آہ
جرات خفا ہے کسلیے وہ ماہرو مری

صورت انگشت ہمین غیر سوختن کیا چاہیے
تن پہ غیر از خاک اپنے پیرہن کیا چاہیے

رنج ہو راحت سے بہتر درد ہی درمان ہے خوب
ہم ہین عاشق ہمکو جز رنج و محن کیا چاہیے

منہ چڑا اپنا تلخ کر سمجھین نہ ای شیرین دہن
پھر تو بنجاتے ہمین ہم ہون کوہکن کیا چاہیے

ہم اسیر دام حسرت کیا کرین گلگشت باغ
بلبل تصویر کو سیر چمن کیا چاہیے

قول پر قائم نہین تو ملنے تجکو توڑتے
رشتہ الفت اب ای پیمان شکن کیا چاہیے

دے یہ تکلیف لباس عمدہ کی مجھکو کوئی
مردہ دل جو ہوا ہے غیر از کفن کیا چاہیے

رونق افزا ہو دے جب محفل مین وہ خورشید رو
شمع روشن وان پہ سو دن انجمن کیا چاہیے

ہو رہین یا ہین قتل ہم تو دیکھ سچ مچ آن کے
ہمکو تن تن کر جتانا بانک پن کیا چاہیے

بولنے سے بات کے ثابت ہوئی ہمکو یہ بات
یعنی اک آواز سننے کو دہن کیا چاہیے

گر کو نہین جی سے آزردہ کوئی ہووے بھلا
آپ کو لانا زبان بیہودہ سخن کیا چاہیے

ہی سر و تن اوسکی خاطر وہ نہو جراٗت تو پھر
تن کو سر کیا چاہیے اور سر کو تن کیا چاہیے

پوند سیری کی کسی سے بھی کڑی منہ کی لگی
اوسکے آنے کے جو دھوکے پہ جھڑی منہ کی لگی

تار جب پوند نے باندھا ہی ادس کیفی بن
گویا سولی وہ فلک سے ہی گھڑی منہ کی لگی

تسکو بھی بادہ کشی اور تھا وہ غیرت شمع
اور ہی صبح تلک ہمکو بڑی منہ کی لگی

لگے رونے پہ جو یہ دیدہ خونبار تو بس
جھڑ نئے رنگ سے دو چار گھڑی منہ کی لگی

برسا جب ابر مژہ آہ کے جھپک جھپو رونے
دل پہ کیا کیا یہ بغیر اوسکے جھڑی منہ کی لگی

اوٹھتے ہی والنے گر سے ہم بدنام رشک
کیا تماشا ہی کہ بن پانون اڑی منہ کی لگی

دل جو بزم اوسکا پہوا ہی مرا ای جراٗت
پاؤ دلوائی شراب اب نہ کڑی منہ کی لگی

گئے رو دیں سبھی بحر ایسے یہ چشم تر میں بہا ہے
تو فلک پہ آتش برق لیکے سحاب نیل چلا ہے

کہیں صحبتیں وہ یہ ستم کہ جو صلح و جنگ تھی دمبدم
نہ کسی سے جا ہیں رکے ہیں ہم نہ کوئی اب آکے منا ہے

بھلا کھینچے کیونکہ نہ اپنا جی چمک آسمان پہ برق کی
انھیں انکھڑیوں کی سی چھاونی چھپیاں صاف دکھا ہے

ملیں ہیں جو ٹوٹ اپنا گلگی کل تو وہ غنچہ چمن پہ گل
بہ برون پردۂ شاخ گل یہ نسیم بھاؤ بتائے ہے

یہ جنوں سی شکل ہے اب میری کہو ان کو کس سے حالت بیکسی
نہ کسی سے اپنا ملے ہے جی نہ کوئی اب آکے منا ہے

جگر اپنا شکل قلم ہے شق کھلے دل پہ غنچہ صد قلق
کر لیے ہے اب جو وہ یک ورق سے آ دہر کسی سے پڑھا ہے

یہی سوچ گذرے ہے مجھکو تو کہ ندیکھا ہوئیں تجھکو تو
یہ سنوں ہوں جبکہ فقیر ہو کوئی آئے گھر کو لٹا ہے

نہ کسیکو دے یہ الم خدا کہیں ہم فسانہ غم سنا کیا
کبھی گوش نے در جو ہوا تھا ہمیں عشق اب وہ کہا ہے

مجھے کیا ہے باغ گلستان دم سرد کھینچوں ہوں ہر زمان
نہوں کیوں خموش میں غنچہ سان کہ یہ شگرف نکلے بہا ہے

میرے دل کی ہے گل گل تو کھلا سکے اب یہ بس تو میرے آ
کہیں ہے ہوا نہیں تو صبا ابھی تو بھی باد میں ہے

کوئی پوچھے **جرأت** زار سے یہ جدا ہے اب جو وہ یار سے
کسی سے کٹا کوئی پیار سے جو بلائیں اپنی لوا ہے

مت رکو گر سوز غم سے دل بیان چلا ہے
ہے یہ آتش خوردہ کیا کیا نے زبان چلا ہے

لوٹتے ادم سے زمین پہ دیکھ مجھکو شکل رعد
رات کے پہروں میں کیا کیا آسمان چلا ہے

بسکہ ہے دل صید لاغر وہ شکار افگن سے اوسے
کھینچ کر جب تیر مارے ہے کمان چلا ہے

سینۂ پر داغ میں مخزون حسد دل ہے یوں
باغ میں جوں دوپہر کو باغبان چلا ہے

ناتوانی میں ہے جوں نے نعرہ زن ہر استخوان
تیر کو چھیکے لگے اب نیستان چلا ہے

کوئی آواز اب تیرے بیمار کی سنتا نہیں
گرچہ کیا کیا زور سے وہ ناتوان چلا ہے

شمع سان وہ آہ جل اٹھتے ہیں اہل بزم کے
سب بیٹھے جب تیرے آتش زبان چلا ہے

تو ہے وہ خونخوار ستمگر عالم کہ تیرے ہاتھ سے
میں ہی فریادی نہیں سارا جہان چلا ہے

تیرے عاشق کو قلق یہ ہے کہ کوئی سو گوار
پیٹ کر جوں سینہ و سر ہر زمان چلا ہے

کان مین آتی ہے جرأت ایک صدائے نالہ آہ
پر دلِ وحشی خدا جانے کہان چلا سے ہے

جب نظر چنچل کو وہ چشمِ فسون ساز آ گئی
آتشِ افسردہ کے مانند بس کجلا گئی

جو نقاب اپنا اولٹ آئے ہے لڑائی ہمسے آنکھ
فوجِ صبر و تاب و طاقت وہین جھونک کھا گئی

نیم جو بان بین اس اٹکھیلی سے وہ آیا کہ بس
دیکھ لیلے بید مجنون کی طرح تھرا گئی

مرتے مرتے بھی نکھلتا رازِ دل کیا کہیے آہ
ہمدمِ مرگِ ناگہانی اپنا منہ کھلوا گئی

ٹھہین جب لوگو بنین ہم تب تم نہ وان ٹھہر کر
رنجشِ بیجا اوسکی بات یہ ٹھہرا گئی

کیا عجب گر یہ سین انگارے کر دے لیتے ہی آہ
لب پہ آہِ آتشین یہ سرخ بدلی چھا گئی

دی خبر بیک صبا نے کیا یہ گلشن مین جو آہ
غنچۂ پژمردہ سان دل کی کلی مرجھا گئی

ضعفِ پیری رہ وا اوسکا انتقام اب لے یہ آہ
قبل ازین جوشِ جوانی جو مزے دکھلا گئی

لائی بو کس گل کے جو ہم خاکساروں کو دماغ
عرش سے بالا نوائے بادِ صبا پہنچا گئی

دیکھی بجلی کی چمک تو ہنس کے یون بولا وہ شوخ
یہ لو یہ منہ لی بھی اپنے نین کیا چمکا گئی

بعد مدت رفتہ رفتہ واہ اوسکے راہِ الفت مین ہم
راہ پر آئے تو تھے لیکن حیا بہکا گئی

جبکہ جینا دم غنیمت جانتے تھے ہم تو آہ
موت اپنی شکل کس کس روپ مین دکھلا گئی

اور اب جو مرگ کو ہم زندگی سے سمجھے تو بس
زیست بڑھ گئی بیست کی اور ہمکو موت آ گئی

چاہیے جرأت غزل ہو دوسری اس سے بھی خوب
گرچہ ہر بیت اسکی بھی کیا ہی نشست اب پا گئی

چمکی جب برقِ جلپند اور دل تڑپا گئی
جو گھٹا اوس بن اوٹھی کافر ہمین بہکا گئی

کیا بلا تھی آتشِ فرقت کہ شکلِ شمع آہ
ہو نہان سر تا بپا ہم دل جلون کو کھا گئی

ہائے یارب تھ ملتے ہین کیا اوس کافر کی کاٹ
عالم اپنا دور سے دکھلا کے کیا ترسا گئی

مضطرب پایا اوسے تو ایک تہ تھا ہی قلق
سوچ کر کچھ طبیعت اور بھی گھبرا گئی

اوس سے کیون بیٹھے ہی کیا سودا چڑھا تجکو دلا
وہ نہین گر آپ مین تو تو ہی بس کر جا گئی

شب کسیکو پانون اوسکے دابتے دیکھا تو بس
کیا کہین اپنی طبیعت ہاتھ سے کیا کیا گئی

چھیڑتے ہی پھٹ جائے جون کوئی انارِ آتشین
آہ آتشبار یون دل کو مرے تڑقا گئی

زندگانی کا یہ پھل پایا کہ مشکل ہو انہ آہ
بیوفا آخر یہ ہمکو خاک مین ملوا گئی

شب دلِ افروختہ سے گذری جب آہ جگر
جون ہوائے تند اوس آگ کو بھڑکا گئی

روبصحت اب مزاج اوسکا خدا ہی ہو تو آئے
یاس محرومی ترے بیمار و غم پر چھا گئی

اے اجل بس یہ تو رسوائی نہ دیکھی جائے گی
طبع غمخوارون کی اپنے اب بہت اکتا گئی

ق

سالہا گذرے کہ یہ حالت نہین جسکی کہیے
دل گیا دولت گئی طاقت گئی دنیا گئی

واسطے قسمت امین نے معاذ عمر کل پوچھی یہ بات
اتنے جو مضطرب ہو ایسی شی تمہاری کیا گئی

اب ڈھٹائی سمجھیے یا اسکو جرأت جانیے
آ بنے گی جی آئین گے اب تو طبیعت آ گئی

مرنا ہی نظر آیا انجام گرفتاری
پیغام اجل لایا پیغام گرفتاری

ایسے ہوئے سودا سے جینے کے پڑے لالے
تھے زہر کے سو پیالے اک جام گرفتاری

چھوٹا نہ نشان غم سے نئی ... ہم
افسوس کیا ہم نے کیون نام گرفتاری

سے سیمبر یارو کو قصہ طلائی ہو
تیرے لئے نظر ہمکو صد بام گرفتاری

کیون دام مین گھبرا نے صیاد کو کرتے
کیا چین سے کٹ جاتے ایام گرفتاری

تا روز شمار اونکا ہوتے نہ شمار اصلا
کیا کہیے کہ ہین کیا کیا آلام گرفتاری

پر باندھ کے گو مجھ صیاد نے اب گھیرے
ایسے تو نہین ہیں یہ اقسام گرفتاری

گر برہمن لا رام اب ہر سو رہا اور ہر شب
پوچھے کوئی ہمسے تب آرام گرفتاری

وان شام لطافت ہے اور صبح صبا جنگے
یان صبح نزہت ہے اور شام گرفتاری

باقی نہیں کچھ ہم مین ہے عالم
مر جائیے خنگی کے یکدم مین ہنگام گرفتاری

گر دام مین لائیگا صیاد ستائیگا
تو مفت مین پائیگا الزام گرفتاری

مدہوش مے الفت بس ہوگئے ہم جرأت
پیتے ہی بصد رغبت یک جام گرفتاری

چاہ کی چتون مین آنکھ اوسکی شرمائی ہوئی
تاڑلی محفل مین سب نے سخت رسوائی ہوئی

طبع کیون مالوف تجھسے شوخ ہرجائی ہوئی
جابجا کیا کہیے اپنی کیا ہی رسوائی ہوئی

دیکھی اوس آتش نفس کے پرکالے کی کیا چتکنی
مجھکو کچھ بجلی نظر پڑتی ہی گھبرائی ہوئی

آہ اس دل کے لگے پر چشم گریان کیون نہو
یہ اسی کم بخت کی ہی آگ بھڑکائی ہوئی

چاہتی ہی اوس بھبوکے سے حضور اپنا فروغ
شمع کی آنکھون مین ہی چربی مگر چھائی ہوئی

فرش گل پر منعمو نخوت سے مت پھیلاو پانون
کل یہی چادر تمھین پر ہوگی پھیلائی ہوئی

میرے آتے ہی جو اوٹھ جاتے ہو گھبرا کے تو جان
مین نے بس جانا طبیعت ہی کہین آئی ہوئی

گر کہون کچھ اوس سے تو کہتا ہی بس بس چپ رہو
کیا دل بیتاب کی حالت ہی اکتائی ہوئی

ق
شب کو جو اپنے مقابل ہو گئی ناگاہ آہ
چاندنی مین ایک صورت چمکی چمکائی ہوئی

اونکے دھوکے مین کیا مین نے لپٹ جانیکا قصد
پر وہ نکلی اجنبی تو سخت رسوائی ہوئی

حسب حال اشعار اپنے کہیے اب جرأت کچھ اور
یہ غزل تو تھی کئی یارون کی کہوائی ہوئی

ہی غضب اپنی طبیعت اوس پہ ہی آئی ہوئی
جیسے پڑتی ہی ہر اک کی آنکھ للچائی ہوئی

یاد آجاتی ہی تو روتا ہون کیا منہ ڈھانپ ڈھانپ
بھولی بھولی صورت اور وہ آنکھ شرمائی ہوئی

چھاونی برسات مین چھائی کہان جلد آو جی
جی گھٹاتی ہی ہمارا یہ گھٹا چھائی ہوئی

کون رخصت ہوکے یہ ہمسے گیا یارب جو آہ
صبر نے مجرا کیا رخصت شکیبائی ہوئی

شب تصور مین کسی مہرو کے آنکھ اونکے حضور
چار سو اک نور کی چادر تھی پھیلائی ہوئی

ناتوان دیکھا جو مجھکو تو یہ ہنس کر بول اوٹھے
بارے اب تو کچھ بہت اٹھین توانائی ہوئی

آئینہ میں دیکھ منہ پر زلف بکھری بول اٹھے
کیا بلا یہ بھی دیوانی ہم پہ سودائی ہوئی

سامنے میرے جو غصہ کر کر نہیں تم بیٹھتے
کیا کسی کے سامنے ہے یہ قسم کھائی ہوئی

پر یہ حیرت ہے مجھے اوس پر نہ تم ٹھہرے رہے
بات جو مدت سے تھی آپس میں ٹھہرائی ہوئی

ق

خیر تو ہے ای دل وحشت زدہ یہ کیا ہوا
یوں جو وحشت میں تیرے یہ دشت پیمائی ہوئی

پا برہنہ مو پریشان آہ بر لب رنگ زرد
دست بر سینہ ہے اور صورت ہے گھبرائی ہوئی

دوڑ دوڑ آنے سے جرات کے رکو مت کیا کہے
اوس بچارے کی طبیعت تم پہ ہے آئی ہوئی

بزم میں یار اور شمع گل فانوس میں شیشے کی ہے
اب طبیعت حسرت افسوس میں شیشے کی ہے

خود تصور میں تا اوسکے ہو گیا جوں آبلہ
کس قدر جا اس دل فانوس میں شیشے کی ہے

لب لب جانان نہ ہو تو کیا کریں صہبا و مے
کیفیت ہے تو کنار و بوس میں شیشے کی ہے

بزم رندان میں کہیں آج استعداد مساک ہے
قید یارب کس دل محبوس میں شیشے کی ہے

ہو دوا اسمیں وہ دوا جو پیر کو کر دے جوان
یہ صفت تالیف جالینوس میں شیشے کی ہے

یار مست ناز اور ہے مضطرب وا ابر و بہار
اب ہوس اس خاطر مایوس میں شیشے کی ہے

پوچھو ہم مستوں سے تو افزود جام جم سے قدر
محفل دارا و کیکاوس میں شیشے کی ہے

انتخاب اس کی مہر میں کے اشعار اور
گر طلب جرات دل مایوس میں شیشے کی ہے

کیا خوشی ہے خاک اس دل مایوس میں شیشے کی ہے
بار ہی گردن کعبت افسوس میں شیشے کی ہے

ہے بہت وحشت سے مستان میں گلرنگ وہ
کچھ جو رنگت جلوہ طاوس میں شیشے کی ہے

محتسب نے توڑ دی ہے بہر کسو کے سینہ چھپکر پی ہے
حسب و ہو اب طبع ہر جالنوس میں شیشے کی ہے

صحبت مستانہ ہی نکلے ہے کہ تنہا سنے بیچ
کیا سوا خواہش دل ناقوس میں شیشے کی ہے

مہر خاموشی لب اور بند در گوش اب جو ہے
صاف یہ خصلت ترے محبوس میں شیشے کی ہے

غنچۂ گل دیکھکر شکلِ صراحی محو ہے
لاگ ہر رنگ اس دل فانوس میں شیشے کی ہے

خود بیارِ عاشقان میں ہے دل پرخون کی قدر
کب یہ رنگت پرتگال و پیرس میں شیشے کی ہے

اوس بھبوکے پہ جو ہے قصر ہوا رین پہ بنا
جلوہ گر یون شمع کب فانوس میں شیشے کی ہے

دخت رز کا دیکھ عالم خم ہے حیرات باغ میں
شاخ گل بھی خواہش پابوس میں شیشے کی ہے

ولامت منزلِ کعبہ میں جا خواہش ہے مجنون کی
نہیں تو راہ طے کرنی پڑے گی کالے کوسون کی

بہ طفلِ اشک دکھلانے لگے طوفان بعید طوفان
حقیقت کیا کہون آنکھون نے اپنے پالے پوتون کی

فقط باتون سے پیاسے کے تشنۂ وصل آہ کیا تسکین
کہین بجھتی بھی ہے پیارے بجھا پیاس اوسون کی

ملا ہون ہے دعا سے میں کسی کی رکھیو اوس جاگہ
قیو ہے عاشقان ہے جا ہو معشوقون کے کوسون کی

شب فرقت کی ناگہی کیا کہون جب صبح ہوتی ہے
شکایت گوش زد ہوتی ہے کیا کیا کچھ پڑوسون کی

نہ ٹھہرا ایک بھی دامن سے آمد دیکھکر اوسکی
توقع دل میں رکھتے تھے یہ جسکے بخیہ سون کی

یہ شکل سادہ رویان جہان ہے روبرو تیرے
کہ جیسی مورتین ہر پتی سی ہوتی ہین نگھوسون کی

طمع نے جسکے آخر کو حیرات مار ڈالا ہے
جو پایا میں تو افضیت دین ہم کی کیا کیا ماہ بوسون کی

تنہا نہ اوسکا شعلۂ رخسار گرم ہے
بجلی سے بھی فزون نگہِ یار گرم ہے

دی آگ دل جگر کو مگر سوز غم نے آہ
بھاپ سینے منہ کی جو دم گفتار گرم ہے

آتش زبان ہے ہم ہین یہ آتشکدہ کی شکل
نالون سے گھر کی سب در و دیوار گرم ہے

یہ کس جلے جلے کو کیا قتل ہے ستم
جون تیغ شعلہ اوسکی جو تلوار گرم ہے

ہم وحشیون کے داغ ہین جون آفتاب حشر
جلنے سے طپش ہے دشت کو کہسار گرم ہے

سرگرم جلِ شیخ کا وہ کیا ہوا اوٹھا
کتنا اثر جلے میں بیمار گرم ہے

اوس شعلہ خو کی کیونکہ صحبت سے الگ رہ
جون موم نرم ہے ہی وہ جو نار گرم ہے

جلدی لگالے اس دل سوزان مین داغ	ایسے مین یہ تنور غم یار گرم ہی
ہم دل جلون کی خاک سے بعد فنا صبا	لگ چلیو تک سمجھ کے خبردار گرم ہی
رفتار سے نکلتی ہی اٹکھیلیون کی چال	دستار لٹپٹی سی ہی گفتار گرم ہی

لکھ جرات ایک اور غزل وہ کہ سب کہین
لکھنے سے اسکے دفتر اشعار گرم ہی

سرگرم قتل وہ ہی جو خونخوار گرم ہی		خطا کہ آج موت کا بازار گرم ہی
تیرے مریض کو یہ تب عشق ہی کہ آہ		لوح مزار بعد فنا یار گرم ہی
یہ عشق وہ شجر ہی کہ جون آتشین انار		ہر برگ جسکا گرم ہی بار گرم ہی
کیا زیست ہو کہ ایک تو اپنا مزاج حار		اور تسپہ سوز عشق کا آزار گرم ہی
ہم دل جلون کے نالون سے حلم کی طرح		لیل و نہار گنبد دوار گرم ہی
قیمت جو مانگی بوسہ تو انکار کے دیا		کیا جنس دل کا اپنے خریدار گرم ہی
کس دل سے تجھے سینہ کو غربال کر دیا	ق	جسکا ہو یہ شوخ کماندار گرم ہی
یعنی کہ مثل تیر شہاب اب یہ لیک تیر		پیکان سے لیکے تا لب سوفار گرم ہی

جولان سے ڈانٹیے مین جرات اک اور بھی
شبدیز صبح اب جو بہ رفتار گرم ہی

اب یون بخار غم سے تن زار گرم ہی	جون شمع تا برشتہ جان یار گرم ہی
خود ایک تو وہ شعلہ رخسار گرم ہی	ریشہ پہ بلا سے زلف دھوان دھار گرم ہی
دل اس سے جب پھنسے تو چھپے کیا وہ بد زبان	اجل لطیفہ گو ہی مزیدار گرم ہی
اخلاص جی یا نہ مجھے چھلا کے کھا تو گیا	اور رشک گل کا داغ پہ کیسا پیار گرم ہی
دی کس طپش سے جان کہ گو سرد ہو گیا	اب تک یہ بستر دل بیمار گرم ہی
ہر سرو مثل سرو چراغان ہی جس مین آہ	وہ باغبان عشق کا گلزار گرم ہی

محروم عشق وہ پہر انسان ہین وہ رشب / خوبان ہین اتو آپکا دربار گرم ہی

یارب لگا یہ روگ ہمین کیا کہ جسم زار / سو بار دم مین سرد ہی سو بار گرم ہی

مجبور دل جلے کی چہاتی سے لگ کے وہ شوخ گل / پوچھے ہی کیون گلے کا مرے ہار گرم ہی

جسکی ہی اک نگاہ وہ تیور اسکے گر ہوا / خورشید سے فزون نگہ یار گرم ہی

جنہ برق طور اور ادہر سے اللہ کیا کہون / بر آتش ساوہ شعلہ رخسار گرم ہی

جرأت خرید داغ ہی یہ سن امر آفتاب / آتش رخون سے حسن کا بازار گرم ہی

پچہ گئے منہ مین جو مجہ سوختہ تن کے کانٹے / ہین یہ بوئے ہوئے اک غنچہ دہن کے کانٹے

ظلم تو زخمی مضطر پہ ترے ہی کہ ہو شست / سوزن بخیہ ہین بر زخم کہن کے کانٹے

کشتۂ عشق گل گلشن بیدادی ہون / رکھیو تربت مین مری گرد کفن کے کانٹے

سیر گلزار مین کیا دیکھون کہ دکھلاتے ہین / برچھیان دور سے دیوار چمن کے کانٹے

جس بیابان مین مجنون بھی قدم رکھ نہ سکا / ہوے پابوس ہمارا وسی بن کے کانٹے

دولت مین قدم سے ترے دیوانے کے / سر اوٹھاتے ہون کھڑے کیونکہ ہین کے کانٹے

آپ مین صورت گل پھولے سماتے ہی نہین / صفت جامۂ سرخ آج ہین بن کے کانٹے

وقت جرأت وہ گیا تھا جو گل عیش ہست / اب تو یہ پانون ہین اور دشت محن کے کانٹے

بوجھ اوٹھاتے ہین وہ غم کا ترے مانل بھاری / کوئی کہسار نہو جسکے مقابل بھاری

جیتے جی رو کے جو اکثر مین کیا دل بھاری / تو پس از مرگ بھی چھاتی پہ ہی اک سل بھاری

ہوتے پیدا نہ اگر ہم سے ہلانے والے / لنگر عشق نہ تھی تو کسی قابل بھاری

دست نازک کو ترے رنج نہو بس ہی یہ خوف / ورنہ سر اپنا مرے تن پہ ہی قاتل بھاری

مین نظارون مین ہمسبک ہون کہ دم کینہ وہ شوخ / ہنس کے چھیڑے ہی کہ او بس نکر دل بھاری

اپنی زنجیر صدا اب یہی جھنکار سے ہی
یعنی دیوانہ ضعیف اور ہی سلاسل بھاری

عاقبت پیش ہی باریک بہت راہ صراط
بار عصیان سے کمر اب ہوی مائل بھاری

دست بوسی کا ارادہ پہ تیشے مذبوح کا تھا
دستہ ہا ہو گئے لیکن دم بسمل بھاری

ق
اسقدر کوہکنی عشق سے نے دی اوسکو تب
آخر اک موت سے لی سر پہ اوٹھا سل بھاری

بوجھ فرہاد سے اوٹھوایا گر دو ردن من کا
اور شیرین کو کہا کچھو نہ تو دل بھاری

کیجیے اک اور غزل اس مین اگرچہ ای طبع
قافیہ اور ردیف اوسکی ہو مشکل بھاری

کیون نہ ہر دم بر عشق کرون دل بھاری
قدم اوٹھ سکتے نہین اور ہی منزل بھاری

دل بگرداب محبت ہی گران باری سے
کشتی پہونچے نہ مری تا لب ساحل بھاری

دل گذرگاہ ہی پریون کا چلو صبر و سکون
نہین ہوتا ہی مکان سے بنے کے قابل بھاری

خوف ہی مجھکو کہ اوسکا ہی ہو ہلکا اور
تیغ کھینچے ہوے آتا ہی وہ قاتل بھاری

نغمہ سنجی مین وہ یکتا ہی میرا طائر دل
جسکے ہی پیش نظر صوت عنادل بھاری

ہم تو مجنون اب اس بات کے دیوانے ہین
کیا یہ شیدہ ہی تھا ای صاحب محمل بھاری

چاہی جسکی جو مری خاطر نازک سے تری
عرش پر سمجھے ہی لیلی کا وہ محمل بھاری

شب کے وعدے پہ کرے پانون کیون بھاری تو
دل مین اپنے ہی کچھ ای مہر شمائل بھاری

ق
بار غم کیسے اوٹھا کر وہ موافقت مین
کیون نہ مر رہ تیرے مائل کا ہو غافل بھاری

ایک تو ہجر کی تھی رات ہی بھاری تسپر
ایک سے ایک بلا ہوتی ہی نازل بھاری

دل پہ تا چند رہے کوہ فراق ای جرات
جی مین ہی یا جسے اک سر پہ اوٹھا سل بھاری

کب وہ صیاد اسیرون کی خبر لیتا ہی
اور جو لیتا ہی تو مقراض سے پر لیتا ہی

مشغلہ ہجر مین بس اک یہی کر لیتا ہی
کہ دم سرد کئی بار کے بھر لیتا ہی

کشتۂ لطف کو یون سے بچو مہ رخ جو بن کوئی آہ
خنجر مژدۂ شام آ کے سحر لیتا ہی

منزل کو محبت مین ہو پیادہ کہ سوا
راہ باریک مین کب سے اوتر لیتا ہی

کیون نہ شیطان کو کرون جنت سے دل خارج
انتقام پدر خویش پسر لیتا ہی

بیر تین آہ کی شعلون سے جلتی ہین آگے
جب رہ خانہ تر اقفۂ جگر لیتا ہی

پھر وہ چھپتا نہین طایر دل جسکو کہ آہ
تاک اوس شوخ کا شہباز نظر لیتا ہی

یہ تماشا ہی وہ گندا ہی تب اوسکی جا جب
منتظر جب کہ کوئی جیب کی گنج لیتا ہی

دم ہوا بحر جہان کی ہو کہ مانند حباب
یک نفس ہر کوئی یان سکے آگے ابھر لیتا ہی

اوڑھ گیا ہمدم کون سے اپنے لگا یاد جو آ
ہچکیان درد کی ہر ایک نشتر لیتا ہی

ہوے کب بوسۂ لب پردۂ غنچہ پہ آرزن
نے سہا لعل کو کوئی دکے گہ لیتا ہی

پھل یہ ہی صحبت ظالم کا کہ ہو جسپہ نشست
پھر اوسی شاخ کو وہ زیر تبر لیتا ہی

ق

کیون لیا کو محبت سے اوٹھا سپرد لا
سانس بھی بے جو نہین دو دو پہر لیتا ہی

کیا سنا قصۂ فرہاد نہ تھا ای کم بخت
ایسی آفت بھی کوئی سر پہ نشتر لیتا ہی

ہو مین خوب یہ کیون آپ سے تو اے **جرات** اڑ
توسن فکر کو جولان نہین کر لیتا ہی

آئینہ سامنے بن ٹھن کے جو دھر لیتا ہی
کار عاشق بھی معشوق وہ کر لیتا ہی

پاسبان وہ مرہ کرتا ہی ہماری دولت
حلقۂ یار کے نزدیک وہ گھر لیتا ہی

اپنے بیکس کی نہ کچھ پوچھ کرا ہی تو ادای
کون خبر بجز ہی اوسکی خبر لیتا ہی

ہم غم اوس سے ہون کیا بات وہ کرتا ہی نہین
ذبح دو چار کو جب تک نہین کر لیتا ہی

لیجا دل کو وہ یون گا دکو جیسے قصاب
ذبح کرنے کے لیے بہانے لیتا ہی

رنگ فق ہو مرا آنکھ سے جگر ہوتا ہی آہ
وصل کی شب جو کوئی نام سحر لیتا ہی

جو کہ [illegible]
جسکا کان اپنا کبھی جسکو وہ [illegible] لیتا ہی

واں سے گھر آنے کی ٹھہراتے ہیں ہم بات تب آہ
جی پہ جب بنتی ہے گذرنا ہی ٹھہر لیتا ہی

بیٹھتا اب جو نہیں چین سے ہم پاس وہ شوخ
چٹکیاں حسن جوانانہ کگد لیتا ہی

شاخیں جنبش میں ہیں جو آ غنچہ صبا سے چٹکے
یہ بلائیں تیری پیارے سے گل تر لیتا ہی

صبح عید اتنی بھی ہی تیرے بیمار کے گھر
کروٹ اک شام سے لے تا سحر کر لیتا ہی

دل ملا ہووے جو معشوق کا بھی تو عاشق
چین من مانتا ہر حال میں کر لیتا ہی

لاکھ انبوہ ہو پہ کوئی نہ دریافت کرے
کہ کدھر منہ سے وہ دیکھے ہی کدھر لیتا ہی

کسکے رخسارے پہ زلفیں ہیں سنواری جرأت
بوسۂ دست جو تو شام و سحر لیتا ہی

جلوں بھوں گی گئی اب چراغ بن مٹی
بیل از رفتا بھی ہی کیا فخر سوختن مٹی

کیا ستم ہی کہ ڈھونڈھو کی جان ہی اور ہے
نہ پایا تھے سے شیریں کے کوہکن مٹی

یہ بلک ہی کسی سرگشتہ کی کلاہ کا چاک
بسان غنچہ کب وا نہ جو خزن مٹی

چلی یہ باغ میں چلتے ہی او سکے ابر خزاں
کر اپنے سبزے کی ڈالنے چمن مٹی

اوٹھا جو خاک سے مجنوں کے اک بگولہ تو
دکھا رہی ہی عجائب وا نہ بن مٹی

بجا ہی جو یہ بہیلا گلی وہ طفل حسین
کسی یہ خاک شدہ کی ہی بو بنہ تن مٹی

مسافران جہانگرد راہ ہستی سے
نہ منہ کو پھیرو کہ آخر کو ہی وطن مٹی

ہر ایک محو خموشی تھا ان کو اوسکی نگہ
کہ جیسے اُن کی موت کا ہو بدن مٹی

تب اوسکو تو نے یہ پوچھا کہ جب سے در کی
سے تھا منہ کے کوئی تو نے پھا خستہ تن مٹی

خبر مسافر راہ عدم کی کیا کہیے
کہ اتنی پڑ گئی اونپر کہ روشن من مٹی

وہ اس زمین میں نکالو تو زبیہ الی اور
کہ جسکے آگے مخالف کا ہو سخن مٹی

نہ ہی ہو تیرے آئے شوخ دل سخن مٹی
ہوئے پہ ہم تیرے کشتہ یہ طعنہ زن مٹی

ملے یہ دل ملا خاک میں کیونکر یہی یہ
پڑی جو غنچہ پہ ہنگام واشد مٹی

جو بوئی خلق تو چاہیے تو ہو من علیق تر
کہ عطر صحبت صندل سے جائی نہ مٹی

بدشت عشق یہ بیکسی ہوا دل وحشی
کہ جسکے پائی نہ تا دست گورکن مٹی

جو دیکھا قبر میں تیرے جلے دلکو تو آہ
بسان انگار افسردہ تھا کفن مٹی

ہوا نہ پھر اصل کی جانب ہر اک شی کی رجوع
بشر کا کیون نہ ہو یہ جو جملہ تن مٹی

بکھرتے چمن میں جو گل ورق تو پھر ہیں پیدا
بہر روش عجب اک بوئے نسترن مٹی

یہ قصر تن کی ہی حالت بفصل آہ ہوئی
کہ جھوٹا کوئی ہی جیسے خانۂ کہن مٹی

گرا یہ ہو کے ز بالک کے صفحۂ دیوار
کہ منتظر کا ترے ہو گیا بدن مٹی

ہر ایک رخنۂ دیوار تھا جائے آہ
نہ ڈالون سر پہ مین کیون اے چھٹے تن مٹی

وہ گھر جو غیرت گلشن تھا سو ویرانہ بنا
خراب خستہ و ویران اجھا رین مٹی

بس از فنا ہی یہی آرزو کہ جرات کو
ملے بخاک نجف شاہ بو الحسن مٹی

اوسکی محرم پہ یہ کھنچی ہے نسبت نرگس کی
دیکھے کوئی کہ لگی آنکھیں ہیں اب نرگس کی

کیا بلا لا سیہ ہے ہر تے گیسو کے حضور
جو گرد سے بھی ہے سو گا نہ ہے کا فرس کی

بزم سے اوٹھتے ہی اوسکے یہ ہوا بیخود میں
کہ خبر اپنی رہی کچھ نہ مجھے مجلس کی

دیکھ کر ہنسنے پہ تم دیکھیے نہ کیا کیا دل نے
پر یہ حیرت ہے کہ جاتی یہ نہیں خو اسکی

نظر آیا جو بھبوکا سا کوئی ہوش ربا
حضرت دل میں چنبیلی ہو طاقت کسکی

کیا غضب ہے کہ وہ الفت کو سمجھتا ہی نہیں
مارے ڈالے ہی ہمیں آہ محبت جس کی

کیون نہون شوخ میں ہر دم کہ مجھکو ہے جانان
حالت اب اور کچھ آتی ہے نظر جیسی کی

مجھ سے قلاش کا کب سیم بران سے ہو نباہ
پیش اہل دولان قدر ہی کیا مفلس کی

ق

اب یہ نقشہ ہی کہ بستر پہ ہی جیوں وہ پڑا ۔ نہ سنے ہی کسی ہمدم کی نہ کچھ مونس کی
شکل تصویر ہی کچھ نہ اوسے اپنی خبر ۔ کھینچے تصویر مصور جو ترے تحسین کی

محو دیدار اوسکا ہوں میں جرات ہی کہ
جو کھے ہی مجھے باقی نہیں صورت اسکی

کھاؤں یارب غم عشق تو غم کھاے مجھے ۔ گر نہ بیمار محبت ہوں تو موت آئے مجھے
گر نہ مشتاق رخ و زلف بتاں ہوں بخدا ۔ تو فلک روز سیہ چاہیے سو دکھلاے مجھے
قامت شعلہ رخوں کا نہوں مائل تو سبب ۔ آگ جوں سرو چراغاں ابھی لگ جاے مجھے
گر اوٹھاؤں نہ مزا دل کی گرفتاری کا ۔ جوں گنہگار کوئی قید میں ٹھہرائے مجھے
آہ پر درد غم عشق نہ کھینچوں تو آہ ۔ کوئی ہمدم نظر آوے نہ بجز یاس مجھے
جستجو میں جو کسی کے ہو نہ جی تک کھونا ۔ تو گم ایسا ہوں کہ ڈھونڈھے بھی نہ کوئی پاے مجھے
دشت پیمائے محبت نہوں تو بھولے سے ۔ نہ رہ منزل مقصد کوئی بتلاے مجھے
جی لگا کر کہیں اپنا دم الفت بھرنا ۔ گر نہ چاہوں تو دم نزع الٰہی لگ جاے مجھے
قلق عشق بتاں گر نہ گوارا ہووے مجھے ۔ ہو یہ حالت کہ ہر ایک دیکھ کے گھبراے مجھے

گر غم عشق نہ ہو جیتے ہی بدل تو جرات
تنگ ایسا ہوں کہ رہنا نہ کہیں بھاے مجھے

خاتمۃ الطبع سپاس ایزد سخن آفرین کہ دیوان لطیف و نگین شاعر عدیم المثال خوشگو نازک خیال شمع بزم فصاحت و بلاغت قلندر بخش متخلص بہ جرات ۲۵ تاریخ شہر شوال ۱۲۸۵ ہجری کو مطبع نظامی واقع کانپور میں محمد عبدالرحمن کے اہتمام سے طبع پذیر ہوا

قطعۂ تاریخ
از منشی انوار حسین تسلیم

ہوا جب مطبع دیوان جرات ۔ کہا اک دوست نے چھاپا ہی کیسا
جواب اوسکو دیا تاریخ میں یہ ۔ کہ دیکھو خوب چھاپا خوب چھاپا

مخمس دلپذیر کلام بی نظیر مرزا محمد کی خان شاگرد رشید خواجہ حیدر علی آتش

سلہ

دار محنت مین عبث راحت و آرام کرین — جسمین مالک کی خوشی ہو وہی کام کرین
ہم گنہگار بھی بخشش کا سرانجام کرین — آرزو ہی تجھے سجدے سحر و شام کرین

سلہ ہمہ تن ہو کے زبان ورد ترا نام کرین

وضعداری ہی پہلے وہ سرانجام کرین — راز کھلجائیگا ایسا نہ کہین کام کرین
رنج بیکار نہ میرا سحر و شام کرین — مہر کے ماتم مین وہ کپڑے نہ سیہ فام کرین

سلہ خود بھی رسوا ہون تجھکو بھی نہ بدنام کرین

میکدہ بھی ہی عجب فرحت خاطر ہوتا — پاک باطن جو ہی ہر طرح ہی ظاہر ہوتا
کھول دیتا ہی جو ہی رمز ست باہر ہوتا — گریہ شادی مینا سے ہی ظاہر ہوتا

سلہ حال پر صوفیون کے خندہ زنی جام کرین

ہم سے سرمست نہین خواہش بادہ رکھتے — نے سے پینے نشۂ الفت مین زیادہ رکھتے
دلمین ہین شوق جنون خیز پیادہ رکھتے — کوچۂ یار کا ہین پاؤن ارادہ رکھتے

شہ کعبۃ اللہ کے چلنے کا سرانجام کرین

بار آور گو خزان کا کوئی آسیب نہو — نظر بد سے الٰہی کسے فتنہ نہ فرو
کثرت شوق سے ہی رال ٹپکتی دیکھو — منہ پسارے ہوئے ہم بھی ہین مزا چکھنے کو

سلہ پختگی تو کہین پیدا ثمر خام کرین

ہم سے خم تو نے لنڈھائے ہین پیاپی ساقی — جام اس دور مین سبکو ملے کر کہ ساقی
میزبان کوئی ہمسا بھی نہین ہی ساقی — مست رکھتی ہی تری گردش چشم ای ساقی

شہ وہ نہین ہم کہ جو تجھسے طلب جام کرین

آنکھ سے پردے جلاتی ہی حرارت کی چمک — حسن چھپ چھپ کے دکھاتا ہی شرارت کی جھلک

تاب کیا لائیگا کوئی کہ ہے آفت کی چمک — رخ روشن مین ہی خورشید قیامت کی چمک
شہ — حشر برپا ہو وہ دیدار اگر عام کرین

واعظا تجھسے کھلے کیا مرے ایمان کا حال — نشۂ بادۂ عرفان سے ہون مین مالا مال
انتہا سے ہین مرے ہوش بجا طبع بحال — دلمین ہر یاد خدا کفر ہتو نکا ہی خیال
شہ — خلوت خاص کو کیا بارگہ عام کرین

اور پری جنکو کہ تو چشم کا جادو دکھلاے — بنکے دیوانہ ہر اک وحشت آہو دکھلاے
جان انسان کی کیا دل پہ جو قابو دکھلاے — اک نظر حسن رخ و زلف جنھین تو دکھلاے
شہ — نشۂ عشق سے مستی سحر و شام کرین

رنج حسرت مین ہم آغوش کے ہم سہتے ہین — ہنسکے وہ دیکھتے ہین اشک مرے بہتے ہین
دنکو یہ غم ہی کہ غیر اونکے قرین رہتے ہین — شبکو جاتا ہون تو منہ پھیرکے وہ کہتے ہین
شہ — نیند آئی ہی ہمین آپ بھی آرام کرین

سب ہے تقریر بجا ہی نہین ہی اصلا جھوٹ — کوئی سچ بات کو اپنی نہین یون کہتا جھوٹ
ہان رنگی شوق غزل گوئی ہے ہی پیشہ جھوٹ — بیٹھکر گوشۂ عزلت مین نہ بول اتنا جھوٹ
قصہ بہت بڑنے کا اتش نہ دو بام کرین

تمام شد

واسطے سند اس بات کے کہ یہ کتاب چھپی ہوئی مطبع نظامی کی ہی مہر و دستخط مہتمم کے کیے گئے

العبد
عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان حنفی تعلم خود

محمد روشن خان حنفی ۱۲۸۳
عبد الرحمن بن حاجی

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

بفضل و عنایت الٰہی مثنوی سراپا لطف و نضارت موسوم بہ

۱۲۸۵

گلدستہ

نتیجۂ فکر سرآمد سخنورانِ والا ادراک منشی عطا علی صاحب متخلص بہ خاک

در مطبع نامی واقع کانپور مطبوع گردید ۱۲۸۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد ہی زیب و زینتِ عنوان | حمد ہی مہر آسمانِ بیان
حمد سے ہی زبان کو زیبائش | حمد سے ہو سخن کی آرائش
حمد سے غنچۂ دہن تازہ | حمد ہی ہر محل کا دروازہ
لائق حمد ہی وہ رب قدیر | کوئی جسکا نہیں عدیل و نظیر
اسنے کیا کیا نہیں کیا پیدا | آب و کہسار و گلشن و صحرا
ملک و حور و دیو و جن و بشر | ظلمت و روشنی و شام و سحر
مشرق و مغرب و جنوب و شمال | مہ و خورشید و نجم و چرخ و ہلال
ای قلم بعد حمد رب علا | کر رقم نعت شاہ ہر دو سرا

نعت سرور عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم

کہتا ہی دل زبان سے حق ہی گواہ | ہی محمد مرا رسول اللہ
باغ ایمان کا ہی وہی گل تر | اہل عرفان کا دل ہی اوسکا گھر

در وصف مرشد

ہادی گمرہان بصدق و صفا
عاشق صادق حبیب خدا
شاہ عبد السلام فخر زمان
زیب اورنگ کشور عرفان

۲

در صفت استاد

نادر العصر ناظم و ناثر | ہے زبان اوسکے وصف مین قاصر
نام برہان دین باسم مبین | مہر دین نبی دلیل متین
بسکہ ہے پارسا وہ مرد خدا | ہے تخلص بھی پارسا اوسکا
باغ ہستی کو ہے بہار اوس سے | ہے مجھے پایۂ وقار اوس سے
وصف اوسکا جو ہو نہین سکتا | کرتا ہون اب گریز مین سیدھا
حال تصنیف قصۂ دلگیر | کرتا ہون رہتے رہتے یون تحریر

سبب تالیف

چھوڑ کر فکر دنیوی اک روز | تھا مین ہستی مین انبساط اندوز
کھو دئیے دل سے سب وسواس | آیا واحد علی وحید کے پاس
بعد مذکور ہاے قرب و بعید | فن شعر و سخن کی ہوئی تمہید
کوئی بولا اوٹھا صورت فرہاد | قصۂ شیرین ہے مجھکو یاد
کوئی مجنون کا ذکر کرتا تھا | کوئی لیلے و شون پہ مرتا تھا
کوئی کرتا تھا ذکر رانجھہ و ہیر | کوئی سکتے مین صورت دلگیر
بولا مین بھی یہ سنکے قال و مقال | ہے عبث قصۂ کہن پہ خیال
جذبۂ عشق اب بھی باقی ہے | جام رنگین بدست ساقی ہے
ابھی اک ماجرا یہین گذرا | حال مین نے وہ سب بیان کیا
سنکے وہ ذکر خوش ہوے اکثر | بولے کر نظم اے سخن پرور

۳

کھیلتی پھرتی تھی حسینوں میں نیا | مہر رخسار و مہ جبینوں میں
شیفتہ و لیسے ہی سبزاو سبز | نام روپا نثار زر او سپر
ہوگئی کم سنی میں تھی شادی | جا نہ تھی نہ گھر کی آبادی
اوسکا گونہ مگر ہوا تھا نہیں | ماہ کامل نہ تھی وہ مہر جبین
گھر سے دور رنج و غم سے دور | پاس ماں باپ کے خوش و مسرور
پیش مادر پدر وہ لخت جگر | مثل تیلی کے رہتی زیر نظر
عشق نے آخر اوسکو دی تکلیف | لائی فصل ربیع رنگ خریف
تھا زمیندار واں کا ذی مقدور | موضع دلکشا سے رہتا دور
بھیجا اک اپنا واں پہ کارندہ | ذی تمیز و نجلق از زندہ
شیخ عالی نسب حسن مشہور | نیک طینت ہر ایک نقص سے دور
پائی ٹھہر جو واں کی آراضی | تھا زمیندار اوس سے بس راضی
تھانہ دہقانیوں کو شیون و شین | ملی ترود تھے سب ایک کو چین
موضع و پسند اوسکو پسند | رہتا تھا اک مکان میں خورسند
اوس جگہ پہ غرض قریب مکان | رشک کوثر بڑا تھا ایک کنواں
اوسیہ رہتا تھا ازدحام کثیر | پانی بھرتے تھے سب صغیر و کبیر
وہ نشیلی نگہ جگت مشہور | جا سے ہنسے ولسے اوکی تھی وہ وہ
بولتی رہتی تھی بھیڑ اوس جا پہ | لطف تا خود تھی ان کی شام و سحر

بیان حال

ہوش جاتے رہے نگاہ چوکی
ہل گیا آسمان آہ جو کی

تھی وہ لیلی مگر بنی مجنون
چشم بیمار سے وہ روئی خون

کوئی کہتا تھا اس پہ جادو ہی
نہین آسیب مین پری وہ ہی

کوئی کہتی یہ ہے ابھی کم سن
اس پری کو ہوائی سایہ جن

کوئی کہتی نہ رنج جن سے ہی
یہ غشی اقتضائے سن سے ہی

اک جہاندیدہ بولی کر کے نظر
اسکے دل مین کیا ہی عشق نے گھر

خار غم جو لے نصیب ہی یہ
کسی گل رو کی عندلیب ہی یہ

کبھی ممکن نہین شفا اسکی
شربت وصل ہی دوا اسکی

پانی چھڑکا نہ ہوش مین آئی
اور بھی آگ اوسنے بھڑکائی

کانون مین جب خبر گئی یہ تمام
دیکھنے آئے اوسکو خاص و عام

اوسکے مان باپ بھی یہ سنکے خبر
بر لب چاہ سے آئے گھبرا کر

روئے زار و نزار چلا کر
غش مین جسدم نظر پڑی دختر

نخلخہ بھی سونگھایا چھڑکا گلاب
ہوش مین آئی تا وہ خانہ خراب

آیا جسدم غرض کہ اوسکو ہوش
باپ ماں نے پکڑ کے ہاتھ او دوش

لائے گھر تک وے جگر تھامنے
کوئی بازو کوئی کمر تھامنے

کی دوا جسنے جو کہ تبلائی
لیک آئی نہ کچھ توانائی

بڑھی دو دن مین ایسی بیماری
جیسے برسون کا کوئی آزاری

تجھکو دیوانہ پن جو بھایا ہے
یہ تو کہہ کس پری کا سایا ہے

کیوں ہے آسیب میں یہ سینہ و تن
کیوں مکدر ہے تیرا سیم بدن

نہ دیا ایک کو جب اوس نے جواب
آگئیں اپنے گھروں میں سب وہ شتاب

ایک ہمراز اوسکی دایہ تھی
یہ پری تھی وہ اوسکی سایہ تھی

بولی اے نور دیدہ لخت جگر
سچ بتا کس لیے ہے تو مضطر

مجھسے راز دلی نکر پنہان
اے پری تو ہے میری راحت جان

کس مرض نے تجھے ستایا ہے
کسنے مجنوں تجھے بنایا ہے

کون یوسف کی تو زلیخا ہے
حال دل اے عزیز کہہ کیا ہے

اوسکو غمخوار پا کے آخر کار
بولی دایہ سے اے مری غمخوار

گرمی عشق دل پہ دونی ہے
بھونتی آتش درونی ہے

ہو نہ افشا مرا یہ راز نہان
اے مری مہربان ترے قربان

میرے محبوب سے ملا مجھکو
ہجر کے قید سے چھڑا مجھکو

تھی جو دانائی وہ بانیِ افسون
یاد تھے مکر کے بہت مضمون

بولی اوس سے کہ اے مری دلدار
مردم دیدہ اولی الابصار

تو تو میری جگر ہے اے پیاری
مجھپہ لازم ہے تیری غمخواری

دے پتا اوسکا کس جگہ ہے گھر
اے مری نور چشم لخت جگر

روؤ نہ تو یوں برنگ ابر بہار
چشم مخمور کو نہ کر بیمار

اکدن اکیسال ہی مجھکو | جان تن مین وبال ہی مجھکو
جس جگہ حکم ہو چلی آؤن | جو کچھ ارشاد ہو بجا لاؤن
جان دونگی نہ گر بولائیگا | اسکا کھٹکا ذرا نہ آئیگا
سنکے یہ بات بولی وہ دائی | لے مین جاتی ہون اور ابھی آئی
سرو رعنا کو مت خمیدہ کر | دلکو ہرگز نہ غم رسیدہ کر
بند اب لب کو کر نہ کھول زبان | کیون کہ سوسن زبان ہی گل زبان
تجھکو بھی ہجر سے غم سے ہی کلفت | گل کو بلبل سے چاہیے صحبت
کہکے یہ بات اوٹھکے پھر اکبار | آئی پیش حسن وہ مکر شعار
حال پنہان کیا سب اوسنے عیان | یون لگی کہنے ای مہِ تابان
ترا دلدار جان سے جاتا ہی | کچھ تجھے یہ خیال آتا ہی
یان سے لوگ اوسنے تو بچا کے نظر | جلد لیجا اب اوسکو اپنے گھر
ہاتھ سے کھو نہ دولت مرغوب | تجھکو ملتا ہی سیمتن محبوب
ایسے دنیا مین کسکے ہونگے نصیب | وصل کا خواستگار ہووے حبیب
حکم گر ہو تو مین بلا لاؤن | شکل اوس نازنین کی دکھلاؤن
ماہ کو مہر سے قران ہووے | یہ زمین رشکِ آسمان ہووے
کہا اوس سے حسن نے ای دانا | مجھکو راحت ہی یان ترا آنا
مین بھی ہون اوسپہ یکا دیوانہ | عاشقِ شمع جیسے پروانہ

در بیان افزونی عشق

دور سے خوب ہی ہے گر کام | تا نہ تم کہیں نہ ہم بدنام
ہو نہ ایسا پڑے کسی کی نظر | چشم مردم سے جائیں دم میں اتر
سنکے یہ بات وہ پری رخ زرد | کھینچ کر آہ تھام کر دل کو
لگی کہنے کہ تو نے ای دائی | آتش شوق اور بھڑکائی
کیسی بدنامی اور کیسی نظر | لاویاں تکما ہے کہ ہوں مضطر
جا ابھی تو اگر نہ لے آئی | تو میں آپہنچی کہیو ای دائی
جب حسن کو دیا یہ اوسنے پیام | سخت گھبرا گیا وہ ماہ تمام
حیلہ و مکر سے غرض وہ جوان | آیا جسجا تھا اوس پریکا مکان
ہو نکلنے کے بہانے گھر میں گیا | ہوسے اک جا وہ مہر و ماہ لقا
زندگی پائی جسم مردہ نے | کھولدی آنکھ اوس فسردہ نے
اوٹھ کے بیٹھی کہا کہ ای محبوب | مجھکو تو آپ نے جلایا خوب
کبھی پوچھا نہ تمنے حال مرا | یعنی کیسا ہی یہ ملال ترا
آفرین آپ کی محبت پر | مرحبا کہیے ایسی الفت پر
جل گئی میں تپ پردردی سے | خوب تھا خوب چشم خونی سے
ہو عجب خبر نہ لی تمنے | پوچھا آکے کبھی نہ جی تمنے
کیا ہی ہو طرفہ یاری | کی نہ اکدن بھی میری غمخواری
خیر جو کچھ ہوا وہ ہو گذرا | اوسکا کیا ذکر ہے کہ جو گذرا

کشتی تھی اپنے دل سے وہ نادان	جان کیا ہے اگر نہیں جانان
جب نہ راضی کسیکا دلبر ہو	پھر تو عاشق کو موت بہتر ہو
چاہ میں ہو کے باولی اکبار	گر پڑی وہ کنوئیں میں آخر کار
عشق کا ناتوان کو زور ہوا	گر پڑی چاہ میں تو شور ہوا
بولیں پنہاریاں یہ چلا کر	کہ گری گلفروش کی دختر
طشت از بام ہو گیا یہ سخن	کہ گری چاہ میں وہ غنچہ دہن
دوڑی خلقت کنوئیں کے گرد آئی	مجتمع ہو گئے تماشائی
جو رسان باپ آئے چاہ کے گرد	بنے ہالہ تمام ماہ کے گرد
چاہ پر ہوئے غم سے دل پانی	ہوئی صد الحال کیا ہے اے جانی
آئی آواز کچھ خطر ہی نہیں	تن پہ آسیب کا ضرر ہی نہیں
کسینے مجھے گرایا ہے	کہ کسیکا خیال آیا ہے
آئی تھی یاں یہ بہر آب کشی	ناگہاں اتفاق سے ہوں گری
شکر ایزد کہ چوٹ سے میں بچی	سینہ میں کانپتا ہے لیکن جی
ہوش سنبھلے پری جس کے نہ واں	کہ کہیں راز میرا ہو نہ عیاں
چرخ یہ روز بد نہ دکھلائے	آبرو جائے جان بھی جائے
نہ کیا پر کچھ اوسنے ذکر دری	سخت معیوب سمجھی پردہ دری
واہ محبوب ہو تو ایسا ہو	اور مطلوب ہو تو ایسا ہو

آگے کچھ نہین باپ ماں کے گھر مین تھی | تو ہی ہر پل مری نظر مین ہی
گر بلانے مین دیر فرمائی | تو یہ کہدینا وہ ابھی آئی

پیغام آوردن دایہ

راوی معتبر ہمایون فال | ایسا کہتا تھا مجھسے یہ احوال
یعنی سنکر پیام یہ دائی | آئی پیش حسن وہ گھبرائی
ماجرا سب کیا بیان اوس سے | راز مخفی کیا عیان اوس سے
سنکے باتین یہ اوسنے دایہ کی | آنے کی اپنے پاس اجازت دی
پاس دلربا کی پھر وہی آئی | شادمانی خبر یہی خوش لائی
کہا اے ماہ چہرۂ محبوبی | جلوہ فرماے محفل خوبی
تیرا طالب تجھے بلاتا ہی | تیرے بن بار غم اوٹھاتا ہی
چاہیے ماہ مشتری کے قریب | اور سلیمان رہے پری کے قریب
تیرے صدقے گئی بدل کے لیے | جلد چل اپنے دلربا کے پاس
سنکے دائی سے یہ خبر اکبار | دل شگفتہ ہوئی وہ رشک بہار
پاس آئی چمن کے پھر وہ گل | جسطرح گل کے شعلہ بلبل
باپ ماں کا اوٹھین نہ بن تھا خطر | بھاگی اوسماے وہ چھپا کے نظر
اپنے گھر لایا اوس پری کو حسن | ہوا اوس گل سے اوسکا گھر گلشن
ہوسے نازمن سب حسن کے قریب | دیکھکر اوسکو یہ حال عجیب

۱۱

کر رہی قید میں جو مہر منیر — کرتے تھے اوس اثر تقریر
ای پری چھوڑکر پرستانکو — جا کی کیون ہم و سلیمان تو
پیش حاکم تو اپنی کر فریاد — کہیو تجھ پہ سخت تر بیداد
کہ نکالا حسن نے گھر سے مجھے — اور گرایا ہر اک نظر سے مجھے
گھر میں رکھتا تھا مجکو مثل اسیر — میں جو چھوٹی یہ ہر کی ہی تدبیر
کہا اوسنے رکھو ایسی امید — میں اپنا ہین کیوں لطف مزید
حسم ناز کہ جو پاوی اوسکا خبر — اپنی گردن رکھوں تہ خنجر
[illegible] — کچھ میں شرم نہیں نکلی جان
جذبہ عشق ہی تو جاوینگی — یا اوسکو یہاں بولاونگی
چپ ہو سب سنی جو یہ تقریر — بولے دکھیں دکھاتے کیا تقدیر
رکھا ہر وقت اوسکو پیش نظر — سب نگہبان اوسکا سارا گھر
جاگتے جاگتے غرض بارے — سو گئے ایک رات وہ سارے
نیند میں جب ہو وہ سب غافل — بلعم پر آئی اپنا تھا نے دل
کودی کیبار جو شش حزن سے — جیسے ٹوٹے ستارہ گردوں سے
جیسا جالاک آئی پیش حسن — غیرت گل سے گھر بنا گلشن
پائی مدعو کی لبوں پہ جان — دیکھا گھر کا خراب سب سامان
کہا ای میری جان میں پھر آئی — کیوں بنا ہی تو شکل سودائی

میں مسلمان ہوں خدا ہی گواہ
پڑھتی ہوں لا الہ الا اللہ

کچھ بھی اسکا عجب نہیں اے خاک
دیکھوں گر نور جلوہ گر پاک
میرا خالق کرے عطا مجھ پر
کھولے دروازۂ صفا مجھ پر
نفس کافر سے پاک سینہ ہو
دل فدائے شہ مدینہ ہو
مثنوی جسکی ہوئی یہ تمام
رکھا گلدستۂ مسرت نام
ہو جہان میں کلام یہ مشہور
نظر بد رہے خدایا دور

قطعۂ تاریخ جگر کاویدۂ قلم حاجی واحد علی صاحب متخلص بہ وحید

وحید مثنوی جو یہ عطا علی نے کہی
معاملہ ہی عجیب جو اس سبو کا
حسن کا قصہ ہے رو برو اسکی جان عزت
یہ قصہ دید کے لائق ہے دل ہے شیدا کا
جو دل میں آئی کہ کہیے کتاب کی تاریخ
تو یہ حساب ہوا فکر عرش پیما کا
جمال سے لیا بس ال دیے حرف جیم
حسن کا ح لیا اور دیے الف بھی پا کا
تو سوی سن ہوا پیدا برابر آگئے دو
بڑا ہی پایا یہ میری فکر عرش پیما کا
۱۲۸۳ھ

قطعۂ تاریخ نتیجۂ ذہن رسا منشی ظہور علی صاحب ظہور

دیکھی جو مثنوی یہ جب ظہور حسن سے
نے نسخہ اسکو پایا گلدستۂ مسرت
آئی یہ ہاتف سے جب تاریخ اسکی لکھیے
دل نے کہا بنایا گلدستۂ مسرت
۱۲۸۳ھ

محمد روشن خان حنفی سنہ ۱۲۴۳
محمد عبد الرحمن بن حاجی

۱۴